آسان اردو ترجمہ

# قرآنِ مجید

# آسان ترجمہ قُرآنِ مجید



## الحمدللہ

" آسان ترجمہ قرآن مجید " کئی اِعتبار سے مُنفرد ہے :

- ہر لفظ کا جُدا جُدا ترجمہ اور پوری سطر کا سلیس ترجمہ یکساں ہے۔
- ہر سطر کا ترجمہ اُسی سطر میں دیا گیا ہے تاکہ قاری کو اشتباہ نہ ہو۔
- یہ ترجمہ تینوں مسلک کے عُلمائے کرام ( اہلِ سنّت والجماعت ، دیوبندی ، بریلوی اور اہلِ حدیثؒ ) کا نظرِثانی شدہ اور ان کا متفق علیہ ہے۔

اِن شاءَ اللہ

**عربی سے ناواقف بھی چند پارے پڑھ کر اس کی مدد سے پُورے کلام اللہ کا ترجمہ بخُوبی سمجھ سکیں گے**

اے اللہ کریم ! اِس خدمت کو بابرکت اور باعثِ خیر بنا دے اور اس عاجز کے ہاتھوں مکمّل ہونے کی توفیق ارزانی فرمادے ، خصوصًا طلبہ کے لیے قرآن فہمی اور عمل بالقرآن ذریعہ اور بندہ کے لیے فلاحِ دارین کا وسیلہ بنادے (آمین)

اٰیَاتُهَا ٧ (١) سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ (٥) رُكُوْعُهَا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِ | اسْمِ | اللّٰهِ | ال | رَّحْمٰنِ | ال | رَّحِيْمِ |
| سے | نام | اللہ | جو | بہت مہربان | جو | رحم کرنے والا |

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ② الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| تمام تعریفیں | اللہ کیلئے | رب | تمام جہان | جو بہت مہربان | رحم کرنے والا |

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ④ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٰلِكِ | يَوْمِ | الدِّيْنِ | اِيَّاكَ | نَعْبُدُ | وَ | اِيَّاكَ | نَسْتَعِيْنُ |
| مالک | دن | بدلہ | صرف تیری ہی | عبادت کرتے ہیں | اور | صرف تجھ ہی سے | ہم مدد چاہتے ہیں |

بدلہ کے دن کا مالک ہے، ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِهْدِنَا | الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | صِرَاطَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمْتَ | عَلَيْهِمْ |
| ہمیں ہدایت دے | راستہ | سیدھا | راستہ | اُن لوگوں کا | تُونے انعام کیا | اُن پر |

١ ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت دے، ان لوگوں کا راستہ جن پر تُونے انعام کیا

٤٧ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ⑦

٥

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَيْرِ | الْمَغْضُوْبِ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | الضَّآلِّيْنَ |
| نہ | غضب کیا گیا | ان پر | اور نہ | جو گمراہ ہوئے |

نہ ان کا جن پر غضب کیا گیا اور نہ ان کا جو گمراہ ہوئے۔

آياتها ٢٨٦ (٢) سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ (٨٧) ركوعاتها ٤٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ معانقة

| الٓمٓ ۝١ | ذٰلِكَ | الْكِتٰبُ | لَا رَيْبَ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|
| الف لام میم | یہ | کتاب | نہیں شک | اس میں |

الٓمٓ یہ کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ،

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

| هُدًى | لِّلْمُتَّقِيْنَ | الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْغَيْبِ | وَيُقِيْمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | پرہیزگاروں کے لئے | جو لوگ | ایمان لاتے ہیں | غیب پر | اور قائم کرتے ہیں |

پرہیز گاروں کے لئے ہدایت ہے ، جو غیب پر ایمان لاتے ہیں ، اور قائم کرتے ہیں

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ

| الصَّلٰوةَ | وَ | مِنْ | مَا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز | اور | سے | جو | ہم نے انہیں دیا | وہ خرچ کرتے ہیں | اور | جو لوگ |

نماز ، اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں ، اور جو لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

| يُؤْمِنُوْنَ | بِمَا | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَمَا | اُنْزِلَ | مِنْ | قَبْلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان رکھتے ہیں | اس پر جو | نازل کیا گیا | آپ کی طرف | اور جو | نازل کیا گیا | سے | آپ سے پہلے |

اس پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا ، اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا ،

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤

| وَ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ |
|---|---|---|---|
| اور | آخرت پر | وہ | یقین رکھتے ہیں |

اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ۔

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ٥

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أُولَٰئِكَ | عَلَىٰ | هُدًى | مِّن | رَّبِّهِمْ | وَأُولَٰئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُونَ |
| وہی لوگ | پر | ہدایت | سے | اپنا رب | اور وہی لوگ | وہ | کامیاب |

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں، اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | سَوَاءٌ | عَلَيْهِمْ | ءَ | أَنذَرْتَهُمْ | أَمْ | لَمْ | تُنذِرْهُمْ |
| بیشک | جن لوگوں نے | کفر کیا | برابر | ان پر | خواہ | آپ انہیں ڈرائیں | یا | نہ | ڈرائیں |

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، ان پر برابر ہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُونَ ٦ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُؤْمِنُونَ | خَتَمَ | اللَّهُ | عَلَىٰ | قُلُوبِهِمْ | وَعَلَىٰ | سَمْعِهِمْ | وَعَلَىٰ | أَبْصَارِهِمْ |
| نہیں | ایمان لائیں گے | مہر لگادی | اللہ | پر | ان کے دل | اور پر | ان کے کان | اور پر | ان کی آنکھیں |

وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگادی - اور ان کی آنکھوں پر

ع ١ ١

غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ٧ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غِشَاوَةٌ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيمٌ | وَمِنَ | النَّاسِ | مَن | يَقُولُ |
| پردہ | اور | انکے لئے | عذاب | بڑا | اور سے | لوگ | جو | کہتے ہیں |

پردہ ہے۔ اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ اور کچھ لوگ ہیں جو کہتے ہیں

وقف لازم

آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ٨ يُخَادِعُونَ اللَّهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آمَنَّا | بِاللَّهِ | وَ | بِالْيَوْمِ | الْآخِرِ | وَمَا | هُم | بِمُؤْمِنِينَ | يُخَادِعُونَ | اللَّهَ |
| ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور | دن پر | آخرت | اور نہیں | وہ | ایمان لانے والے | وہ دھوکہ دیتے ہیں | اللہ |

ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر، اور وہ ایمان لانے والے نہیں - اور دھوکہ دیتے ہیں اللہ کو

وَالَّذِينَ آمَنُوا ۚ وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ٩

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالَّذِينَ | آمَنُوا | وَ | مَا | يَخْدَعُونَ | إِلَّا | أَنفُسَهُمْ | وَمَا | يَشْعُرُونَ |
| اور جو لوگ | ایمان لائے | اور | نہیں | دھوکہ دیتے | مگر | اپنے آپ | اور نہیں | سمجھتے ہیں |

اور ایمان والوں کو، حالانکہ وہ نہیں دھوکہ دیتے، مگر اپنے آپ کو، اور وہ نہیں سمجھتے۔

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْ | قُلُوْبِهِمْ | مَرَضٌ | فَزَادَهُمُ | اللّٰهُ | مَرَضًا | وَلَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِیْمٌ |
| میں | انکے دل (جمع) | بیماری | سو بڑھادی انکی | اللہ | بیماری | اور انکے لئے | عذاب | درد ناک |

ان کے دلوں میں بیماری ہے، سو اللہ نے ان کی بیماری بڑھادی، اور ان کے لئے درد ناک عذاب ہے۔

بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ⑩ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَانُوْا | يَكْذِبُوْنَ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَا تُفْسِدُوْا | فِي الْاَرْضِ |
| کیونکہ | وہ جھوٹ بولتے ہیں | | اور جب | کہا جاتا ہے | انہیں | نہ فساد پھیلاؤ | زمین میں |

کیونکہ وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ پھیلاؤ،

قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ⑪ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اِنَّمَا | نَحْنُ | مُصْلِحُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ | الْمُفْسِدُوْنَ |
| وہ کہتے ہیں | صرف | ہم | اصلاح کرنے والے | سن رکھو | بیشک وہ | وہی | فساد کرنے والے |

تو کہتے ہیں ہم صرف اصلاح کرنے والے ہیں۔ سن رکھو بیشک وہی لوگ فساد کرنے والے ہیں،

وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ⑫ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلٰكِنْ | لَا يَشْعُرُوْنَ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | كَمَا | اٰمَنَ | النَّاسُ |
| اور لیکن | وہ نہیں سمجھتے | اور جب | کہا جاتا ہے | انہیں | تم ایمان لاؤ | جیسے | ایمان لائے | لوگ |

اور لیکن نہیں سمجھتے۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے تم ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لائے،

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ | كَمَا | اٰمَنَ | السُّفَهَآءُ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ | السُّفَهَآءُ |
| وہ کہتے ہیں | کیا ہم ایمان لائیں | جیسے | ایمان لائے | بے وقوف | سن رکھو | خود وہ | وہی | بے وقوف |

تو وہ کہتے ہیں کیا ہم ایمان لائیں جیسے بیوقوف ایمان لائے؟ سن رکھو خود وہی بیوقوف ہیں

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ⑬ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ښ وَاِذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلٰكِنْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَاِذَا لَقُوْا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَاِذَا |
| اور لیکن | نہیں | وہ جانتے | اور جب ملتے ہیں | جو لوگ | ایمان لائے | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب |

لیکن وہ جانتے نہیں اور جب ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَوْا | اِلٰى | شَيٰطِيْنِهِمْ | قَالُوْٓا اِنَّا | مَعَكُمْ | اِنَّمَا | نَحْنُ | مُسْتَهْزِءُوْنَ | اَللّٰهُ |
| اکیلے ہوتے ہیں | پاس | اپنے شیطان | کہتے ہیں ہم | تمہارے ساتھ | محض | ہم | مذاق کرتے ہیں | اللہ |

اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو محض مذاق کرتے ہیں - اللہ

يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَهْزِئُ | بِهِمْ | وَيَمُدُّ | هُمْ | فِىْ طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ |
| مذاق کرتا ہے | ان سے | اور بڑھاتا ہے | انکو | انکی سرکشی میں | اندھے ہو رہے ہیں | یہی لوگ | جنہوں نے |

ان سے مذاق کرتا ہے اور ان کو ان کی سرکشی میں بڑھاتا ہے وہ اندھے ہو رہے ہیں - یہی لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اشْتَرَوُا | الضَّلٰلَةَ | بِالْهُدٰى | فَمَا | رَبِحَتْ | تِّجَارَتُهُمْ | وَمَا | كَانُوْا | مُهْتَدِيْنَ |
| مول لی | گمراہی | ہدایت کے بدلے | تو نہ | فائدہ دیا | انکی تجارت | اور نہ | تھے | وہ ہدایت پانے والے |

ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی، تو ان کی تجارت نے کوئی فائدہ نہ دیا، اور نہ وہ ہدایت پانے والے تھے۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثَلُهُمْ | كَمَثَلِ | الَّذِى | اسْتَوْقَدَ | نَارًا | فَلَمَّآ | اَضَآءَتْ | مَا حَوْلَهٗ | ذَهَبَ | اللّٰهُ |
| انکی مثال | جیسے مثال | وہ جس نے | آگ بھڑکائی | آگ | پھر جب | روشن کر دیا | اس کا ارد گرد | چھین لی | اللہ |

ان کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ بھڑکائی، پھر آگ نے اس کا ارد گرد روشن کر دیا تو اللہ نے چھین لی

بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِنُوْرِهِمْ | وَتَرَكَهُمْ | فِىْ | ظُلُمٰتٍ | لَا يُبْصِرُوْنَ | صُمٌّ | بُكْمٌ | عُمْىٌ | فَهُمْ |
| انکی روشنی | اور انہیں چھوڑ دیا | میں | اندھیرے | وہ نہیں دیکھتے | بہرے | گونگے | اندھے | سو وہ |

ان کی روشنی اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا وہ نہیں دیکھتے۔ وہ بہرے گونگے اور اندھے ہیں سو وہ

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ ۙ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَرْجِعُوْنَ | اَوْ | كَصَيِّبٍ | مِّنَ | السَّمَآءِ | فِيْهِ | ظُلُمٰتٌ | وَّرَعْدٌ | وَّبَرْقٌ |
| نہیں لوٹیں گے | یا | جیسے بارش | سے | آسمان | اس میں | اندھیرے | اور گرج | اور بجلی کی چمک |

نہیں لوٹیں گے - یا جیسے آسمان سے بارش ہو اس میں اندھیرے ہوں اور گرج اور بجلی کی چمک

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَجْعَلُوْنَ | اَصَابِعَهُمْ | فِيْۤ | اٰذَانِهِمْ | مِّنَ | الصَّوَاعِقِ | حَذَرَ | الْمَوْتِ |
| وہ ٹھونس لیتے ہیں | اپنی انگلیاں | میں | اپنے کان | سبب | کڑک (بجلی) | ڈر | موت |

وہ اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں ٹھونس لیتے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے،

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝۱۹ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | مُحِيْطٌۢ | بِالْكٰفِرِيْنَ | يَكَادُ | الْبَرْقُ | يَخْطَفُ | اَبْصَارَهُمْ | كُلَّمَآ |
| اور اللہ | گھیرے ہوئے | کافروں کو | قریب ہے | بجلی | اُچک لے | انکی نگاہیں | جب بھی |

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی ان کی نگاہیں اُچک لے، جب بھی

اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَضَآءَ | لَهُمْ | مَّشَوْا | فِيْهِ | وَاِذَآ | اَظْلَمَ | عَلَيْهِمْ | قَامُوْا | وَلَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَذَهَبَ |
| وہ چمکی | ان پر | چل پڑے | اس میں | اور جب | اندھیرا ہوا | ان پر | وہ کھڑے ہوئے | اور اگر | چاہتا | اللہ | چھین لیتا |

وہ ان پر چمکی وہ اس میں چل پڑے، اور جب ان پر اندھیرا ہوا وہ کھڑے ہوگئے اور اگر اللہ چاہتا تو چھین لیتا

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۰ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ۲ ع ۱۲ ۳ ۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسَمْعِهِمْ | وَاَبْصَارِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | قَدِيْرٌ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ |
| ان کی شنوائی | اور انکی آنکھیں | بیشک | اللہ | پر | ہر | چیز | قادر | اے | لوگو |

ان کی شنوائی اور ان کی آنکھیں، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے لوگو!

اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝۲۱ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْبُدُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | وَالَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ |
| تم عبادت کرو | اپنا رب | جس نے | تمہیں پیدا کیا | اور وہ لوگ جو | سے | تم سے پہلے | تاکہ تم | پرہیزگار ہو جاؤ |

تم اپنے رب کی عبادت کرو، جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو جو تم سے پہلے ہوئے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۪ وَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ | فِرَاشًا | وَّ | السَّمَآءَ | بِنَآءً | وَّ |
| جس نے | پیدا کیا | تمہارے لئے | زمین | فرش | اور | آسمان | چھت | اور |

جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش پیدا کیا، اور آسمان کو چھت، اور

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً | فَاَخْرَجَ | بِهٖ | مِنَ | الثَّمَرٰتِ | رِزْقًا | لَّكُمْ |
| اس نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پھر نکالا | اسکے ذریعہ | سے | پھل (جمع) | رزق | تمہارے لئے |

آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ پھل نکالے تمہارے لئے رزق

فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | اَنْدَادًا | وَّاَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | وَاِنْ | كُنْتُمْ | فِيْ | رَيْبٍ |
| سو نہ | ٹھہراؤ | اللہ کیلئے | کوئی شریک | اور تم | جانتے ہو | اور اگر | تم ہو | میں | شک |

سو اللہ کے لئے کوئی شریک نہ ٹھہراؤ اور تم جانتے ہو۔ اور اگر تمہیں اس (کلام) میں شک ہو

مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّا | نَزَّلْنَا | عَلٰى | عَبْدِنَا | فَاْتُوْا | بِسُوْرَةٍ | مِّنْ | مِّثْلِهٖ | وَ | ادْعُوْا |
| سے جو | ہم نے اتارا | پر | اپنا بندہ | تو لے آؤ | ایک سورۃ | سے | اس جیسی | اور | بلا لو |

جو ہم نے اپنے بندہ پر اتارا تو اس جیسی ایک سورۃ لے آؤ اور بلا لو

شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾ فَاِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُهَدَآءَكُمْ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | فَاِنْ |
| اپنے مددگار | سے | سوا | اللہ | اگر | تم ہو | سچے | پھر اگر |

اپنے مددگار اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر

لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ تَفْعَلُوْا | وَلَنْ تَفْعَلُوْا | فَاتَّقُوْا | النَّارَ | الَّتِيْ | وَقُوْدُهَا | النَّاسُ |
| تم نہ کر سکو | اور ہرگز نہ کر سکو گے | تو ڈرو | آگ | جس کا | اس کا ایندھن | انسان |

تم نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن انسان

وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْحِجَارَةُ | اُعِدَّتْ | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَ | بَشِّرِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ |
| اور | پتھر | تیار کی گئی | کافروں کے لئے | اور | خوشخبری دو | جو لوگ | ایمان لائے | اور |

اور پتھر ہیں، کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اور ان لوگوں کو خوشخبری دو جو ایمان لائے، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِىْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| انہوں نے عمل کئے | نیک | کہ | انکے لئے | باغات | بہتی ہیں | سے | انکے نیچے | نہریں |

انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِىْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّمَا | رُزِقُوْا | مِنْهَا | مِنْ | ثَمَرَةٍ | رِّزْقًا | قَالُوْا | هٰذَا | الَّذِىْ |
| جب بھی | کھانے کو دیا جائیگا | اس سے | سے | کوئی پھل | رزق | وہ کہیں گے | یہ | وہ جو کہ |

جب بھی انہیں اس سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا، وہ کہیں گے یہ وہی ہے جو

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُزِقْنَا | مِنْ | قَبْلُ | وَاُتُوْا | بِهٖ | مُتَشَابِهًا | وَلَهُمْ | فِيْهَا | اَزْوَاجٌ |
| ہمیں کھانے کو دیا گیا | سے | پہلے | حالانکہ انہیں دیا گیا | اس سے | ملتا جلتا | اور انکے لئے | اس میں | بیویاں |

ہمیں اس سے پہلے کھانے کو دیا گیا حالانکہ انہیں اس سے ملتا جلتا دیا گیا، اور ان کے لئے اس میں بیویاں ہیں

مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْىٖٓ اَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُطَهَّرَةٌ | وَهُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا يَسْتَحْىٖ | اَنْ |
| پاکیزہ | اور وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | بیشک | اللہ | نہیں شرماتا | کہ |

پاکیزہ، اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ نہیں شرماتا کہ

يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَضْرِبَ | مَثَلًا | مَا | بَعُوْضَةً | فَمَا | فَوْقَهَا | فَاَمَّا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| وہ بیان کرے | کوئی مثال | جو | مچھر | خواہ جو | اس سے اوپر | سو جو لوگ | ایمان لائے |

کوئی مثال بیان کرے جو مچھر جیسی ہو خواہ اس کے اوپر (بڑھ کر) سو جو لوگ ایمان لائے

فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ | رَبِّهِمْ | وَاَمَّا الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| وہ جانتے ہیں | کہ وہ | حق | سے | انکے رب | اور جن لوگوں نے | کفر کیا |

وہ تو جانتے ہیں کہ وہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے، اور جن لوگوں نے کفر کیا

فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَقُوْلُوْنَ | مَاذَآ | اَرَادَ | اللّٰهُ | بِهٰذَا | مَثَلًا | يُضِلُّ | بِهٖ | كَثِيْرًا |
| وہ کہتے ہیں | کیا | ارادہ کیا | اللہ | اس سے | مثال | وہ گمراہ کرتا ہے | اس سے | بہت لوگ |

وہ کہتے ہیں اللہ نے اس مثال سے کیا ارادہ کیا وہ اس سے بہت لوگوں کو گمراہ کرتا ہے،

وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ۲۶ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَهْدِيْ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَمَا يُضِلُّ | بِهٖ | اِلَّا | الْفٰسِقِيْنَ | الَّذِيْنَ |
| اور ہدایت دیتا ہے | اس سے | بہت لوگ | اور نہیں گمراہ کرتا | اس سے | مگر | نافرمان | جو لوگ |

اور اس سے بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے اور اس سے نافرمانوں کے سوا کسی کو گمراہ نہیں کرتا، جو لوگ

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ | اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مِيْثَاقِهٖ | وَيَقْطَعُوْنَ | مَا | اَمَرَ |
| توڑتے ہیں | وعدہ | اللہ | سے۔ بعد | پختہ اقرار | اور کاٹتے ہیں | جس | حکم دیا |

اللہ کا وعدہ توڑتے ہیں اس سے پختہ اقرار کرنے کے بعد، اور اس کو کاٹتے ہیں جس کا

اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۲۷

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | بِهٖ | اَنْ | يُوْصَلَ | وَيُفْسِدُوْنَ | فِي | الْاَرْضِ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ |
| اللہ | اس سے | کہ | وہ جوڑے رکھیں | اور وہ فساد پھیلاتے ہیں | میں | زمین | وہی لوگ | وہ | نقصان اٹھانے والے |

اللہ نے حکم دیا تھا کہ وہ اسے جوڑے رکھیں، اور وہ زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | تَكْفُرُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | كُنْتُمْ | اَمْوَاتًا | فَاَحْيَاكُمْ | ثُمَّ | يُمِيْتُكُمْ |
| کس طرح | تم کفر کرتے ہو | اللہ کا | اور | تم تھے | بے جان | تو اس نے تمہیں زندگی بخشی | پھر | تمہیں مارے گا |

تم کس طرح اللہ کا کفر کرتے ہو، اور تم بے جان تھے سو اس نے تمہیں زندگی بخشی، پھر وہ تمہیں مارے گا

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۸ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | يُحْيِيْكُمْ | ثُمَّ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | لَكُمْ |
| پھر | تمہیں جلائے گا | پھر | اسکی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | وہ | جس نے | پیدا کیا | تمہارے لئے |

پھر تمہیں جلائے گا، پھر اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے پیدا کیا

مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۙ ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | فِی | الْاَرْضِ | جَمِیْعًا | ثُمَّ | اسْتَوٰی | اِلَی | السَّمَآءِ | فَسَوّٰىهُنَّ |
| جو | میں | زمین | سب | پھر | قصد کیا | طرف | آسمان | پھر انکو ٹھیک بنا دیا |

جو زمین میں ہے سب کا سب، پھر اس نے آسمان کی طرف قصد کیا، پھر ان کو ٹھیک بنا دیا

۳ ع۹ ۳

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | وَهُوَ | بِكُلِّ | شَیْءٍ | عَلِیْمٌ | وَاِذْ | قَالَ | رَبُّكَ | لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ |
| سات | آسمان | اور وہ | ہر | چیز | جاننے والا | اور جب | کہا | تمہارا رب | فرشتوں سے |

سات آسمان، اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّیْ | جَاعِلٌ | فِی | الْاَرْضِ | خَلِیْفَةً | قَالُوْٓا | اَتَجْعَلُ | فِیْهَا | مَنْ | یُّفْسِدُ | فِیْهَا |
| کہ میں | بنانے والا | میں | زمین | ایک نائب | انہوں نے کہا | کیا تو بنائے گا | اس میں | جو | فساد کرے گا | اس میں |

کہ میں زمین میں ایک نائب بنانے والا ہوں، انہوں نے کہا کیا تو اس میں بنائے گا جو اس میں فساد کرے گا ؟

وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَیَسْفِكُ | الدِّمَآءَ | وَنَحْنُ | نُسَبِّحُ | بِحَمْدِكَ | وَنُقَدِّسُ | لَكَ |
| اور بہائے گا | خون | اور ہم | بے عیب کہتے ہیں | تیری تعریف کیساتھ | اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں | تیری |

اور خون بہائے گا، اور ہم تیری تعریف کے ساتھ تجھ کو بے عیب کہتے ہیں اور تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں،

قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | اِنِّیْ | اَعْلَمُ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ | وَعَلَّمَ | اٰدَمَ | الْاَسْمَآءَ | كُلَّهَا |
| اس نے کہا | بیشک میں | جانتا ہوں | جو | تم نہیں جانتے | اور سکھائے | آدم | نام | سب چیزیں |

اس نے کہا بیشک میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اور اس نے آدمؑ کو سب چیزوں کے نام سکھائے،

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓىِٕكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | عَرَضَهُمْ | عَلَی | الْمَلٰٓىِٕكَةِ | فَقَالَ | اَنْۢبِـُٔوْنِیْ | بِاَسْمَآءِ | هٰٓؤُلَآءِ | اِنْ |
| پھر | انہیں سامنے کیا | پر | فرشتے | پھر کہا | مجھ کو تلاؤ | نام | ان | اگر |

پھر انہیں فرشتوں کے سامنے کیا، پھر کہا مجھ کو ان کے نام بتلاؤ، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ط

| كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | قَالُوْا | سُبْحٰنَكَ | لَا عِلْمَ | لَنَا | اِلَّا | مَا | عَلَّمْتَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ہو | سچے | انہوں نے کہا | تُو پاک ہے | علم نہیں | ہمیں | مگر | جو | تُو نے ہمیں سکھایا |

تم سچے ہو۔ انہوں نے کہا، تُو پاک ہے، ہمیں کوئی علم نہیں مگر (صرف وہ) جو تُو نے ہمیں سکھادیا،

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ج

| اِنَّكَ | اَنْتَ | الْعَلِيْمُ | الْحَكِيْمُ | قَالَ | يٰۤاٰدَمُ | اَنْۢبِئْهُمْ | بِاَسْمَآئِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک تُو | تُو | جاننے والا | حکمت والا | اُس نے فرمایا | اے آدم | انہیں بتادے | ان کے نام |

بیشک تُو ہی جاننے والا حکمت والا ہے۔ اس نے فرمایا اے آدم! انہیں ان کے نام بتلادے،

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ

| فَلَمَّا | اَنْۢبَاَهُمْ | بِاَسْمَآئِهِمْ | قَالَ | اَلَمْ | اَقُلْ | لَكُمْ | اِنِّيْ | اَعْلَمُ | غَيْبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو جب | اس نے انہیں بتلائے | ان کے نام | اس نے فرمایا | کیا نہیں | میں نے کہا | تمہیں | کہ میں | جانتا ہوں | چھپی ہوئی باتیں |

سو جب اس نے ان کے نام بتلائے اُس نے فرمایا کیا میں نے نہیں کہا تھا؟ کہ میں جانتا ہوں چھپی ہوئی باتیں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَاَعْلَمُ | مَا | تُبْدُوْنَ | وَمَا | كُنْتُمْ | تَكْتُمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان (جمع) | اور | زمین | اور میں جانتا ہوں | جو | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو | تم چھپاتے ہو | |

آسمانوں اور زمین کی، اور میں جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اَبٰى

| وَاِذْ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْا | اِلَّا | اِبْلِيْسَ | اَبٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | ہم نے کہا | فرشتوں کو | تم سجدہ کرو | آدم کو | تو انہوں نے سجدہ کیا | سوائے | ابلیس | اس نے انکار کیا |

اور جب ہم نے فرشتوں کو کہا تم آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوائے انہوں نے سجدہ کیا، اس نے انکار کیا

وَاسْتَكْبَرَ ق وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَ قُلْنَا يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

| وَاسْتَكْبَرَ | وَكَانَ | مِنَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | قُلْنَا | يٰاٰدَمُ | اسْكُنْ | اَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تکبر کیا | اور وہ ہوگیا | سے | کافر | اور | ہم نے کہا | اے آدم | تم رہو | تم |

اور تکبر کیا اور وہ کافروں سے ہوگیا۔ اور ہم نے کہا اے آدم! تم رہو

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَزَوْجُكَ | الْجَنَّةَ | وَكُلَا | مِنْهَا | رَغَدًا | حَيْثُ | شِئْتُمَا | وَلَا | تَقْرَبَا |
| اور تمہاری بیوی | جنّت | اور تم دونوں کھاؤ | اس سے | اطمینان سے | جہاں | تم چاہو | اور نہ | قریب جانا |

اور تمہاری بیوی جنّت میں، اور تم دونوں اس میں سے کھاؤ جہاں سے چاہو اطمینان سے، اور نہ قریب جانا

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهِ | الشَّجَرَةَ | فَتَكُوْنَا | مِنَ | الظّٰلِمِيْنَ | فَاَزَلَّهُمَا | الشَّيْطٰنُ |
| اس | درخت | پھر تم ہو جاؤ گے | سے | ظالم (جمع) | پھر ان دونوں کو پھسلایا | شیطان |

اس درخت کے (ورنہ) تم ہو جاؤ گے ظالموں میں سے۔ پھر شیطان نے ان دونوں کو پھسلایا

عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهَا | فَاَخْرَجَهُمَا | مِمَّا | كَانَا | فِيْهِ | وَقُلْنَا | اهْبِطُوْا | بَعْضُكُمْ | لِبَعْضٍ |
| اس سے | پھر انہیں نکلوا دیا | سے جو | وہ تھے | اس میں | اور ہم نے کہا | تم اُتر جاؤ | تمہارے بعض | بعض کے |

اس سے، پھر انہیں نکلوا دیا اس جگہ سے جہاں وہ تھے، اور ہم نے کہا تم اُتر جاؤ، تمہارے بعض بعض کے

عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَدُوٌّ | وَلَكُمْ | فِى | الْاَرْضِ | مُسْتَقَرٌّ | وَّمَتَاعٌ | اِلٰى | حِيْنٍ | فَتَلَقّٰٓى | اٰدَمُ |
| دشمن | اور تمہارے لئے | میں | زمین | ٹھکانہ | اور سامان | تک | وقت | پھر حاصل کر لئے | آدم |

دشمن ہیں، اور تمہارے لئے زمین میں ٹھکانہ ہے اور ایک وقت تک سامان (زندگی) ہے پھر آدم نے حاصل کر لئے

مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | رَّبِّهٖ | كَلِمٰتٍ | فَتَابَ | عَلَيْهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ |
| سے | اپنا رب | کچھ کلمے | پھر اس نے توبہ قبول کی | اس کی | بیشک وہ | وہ | توبہ قبول کرنے والا | رحم کرنے والا |

اپنے رب سے کچھ کلمے، پھر اس نے اس کی (آدم کی) توبہ قبول کی، بیشک وہ توبہ قبول کرنیوالا رحم کرنے والا ہے۔

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْنَا | اهْبِطُوْا | مِنْهَا | جَمِيْعًا | فَاِمَّا | يَاْتِيَنَّكُمْ | مِّنِّىْ | هُدًى | فَمَنْ | تَبِعَ |
| ہم نے کہا | تم اُتر جاؤ | یہاں سے | سب | پس جب | تمہیں پہنچے | میری طرف سے | کوئی ہدایت | سو جو | چلا |

ہم نے کہا تم سب یہاں سے اُتر جاؤ، پس جب تمہیں میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے، سو جو چلا

هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۳۸ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| هُدَايَ | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میری ہدایت | تو نہ | کوئی خوف | اُن پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اور | جن لوگوں نے | کفر کیا |

میری آیات پر، نہ اُن پر کوئی خوف ہوگا، نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۳۹ ع ۱۰ ۴ ۴

| وَكَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جھٹلایا | ہماری آیات | وہی | دوزخ والے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے |

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہی دوزخ والے ہیں، وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے ۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا

| يٰبَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتِيَ | الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَاَوْفُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے اولاد | یعقوب | تم یاد کرو | میری نعمت | جو | میں نے بخشی | تمہیں | اور پورا کرو |

اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)! میری نعمت یاد کرو، جو میں نے تمہیں بخشی ، اور پورا کرو

بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۝۴۰ وَاٰمِنُوْا بِمَآ

| بِعَهْدِيْٓ | اُوْفِ | بِعَهْدِكُمْ | وَاِيَّايَ | فَارْهَبُوْنِ | وَاٰمِنُوْا | بِمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا وعدہ | میں پورا کروں گا | تمہارا وعدہ | اور مجھ ہی سے | ڈرو | اور تم ایمان لاؤ | اس پر جو |

میرا وعدہ ، میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا، اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور اس پر ایمان لاؤ جو

اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَ

| اَنْزَلْتُ | مُصَدِّقًا | لِمَا | مَعَكُمْ | وَلَا | تَكُوْنُوْٓا | اَوَّلَ | كَافِرٍ | بِهٖ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں نے نازل کیا | تصدیق کرنے والا | اس کی جو | تمہارے پاس | اور نہ | ہو جاؤ | پہلے | کافر | اسکے | اور |

میں نے نازل کیا، اس کی تصدیق کرنے والا جو تمہارے پاس ہے، اور اس کے پہلے کافر نہ ہو جاؤ اور

لَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ۝۴۱ وَلَا تَلْبِسُوا

| لَا تَشْتَرُوْا | بِاٰيٰتِيْ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | وَاِيَّايَ | فَاتَّقُوْنِ | وَلَا | تَلْبِسُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عوض نہ لو | میری آیات | قیمت | تھوڑی | اور مجھ ہی سے | ڈرو | اور نہ | ملاؤ |

اور میری آیات کے عوض تھوڑی قیمت نہ لو، اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور نہ ملاؤ

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا

| الْحَقَّ | بِالْبَاطِلِ | وَتَكْتُمُوا | الْحَقَّ | وَاَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | وَاَقِيْمُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حق | باطل سے | اور (نہ) چھپاؤ | حق | جبکہ تم | جانتے ہو | اور قائم کرو |

حق کو باطل سے، اور حق کو نہ چھپاؤ جب کہ تم جانتے ہو ۔ اور تم قائم کرو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

| الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَ | ارْكَعُوْا | مَعَ | الرّٰكِعِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز | اور ادا کرو | زکوٰۃ | اور | رکوع کرو | ساتھ | رکوع کرنے والے |

نماز، اور ادا کرو زکوٰۃ، اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ،

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ

| اَتَاْمُرُوْنَ | النَّاسَ | بِالْبِرِّ | وَ | تَنْسَوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | وَاَنْتُمْ | تَتْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا تم حکم دیتے ہو | لوگ | نیکی کا | اور | تم بھول جاتے ہو | اپنے آپ | حالانکہ تم | پڑھتے ہو |

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو؟ حالانکہ تم پڑھتے ہو

الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ

| الْكِتٰبَ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَ | اسْتَعِيْنُوْا | بِالصَّبْرِ | وَالصَّلٰوةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | کیا پھر نہیں | تم سمجھتے | اور | تم مدد حاصل کرو | صبر سے | اور نماز |

کتاب ، کیا پھر تم سمجھتے نہیں؟ اور تم مدد حاصل کرو صبر اور نماز سے ،

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

| وَ | اِنَّهَا | لَكَبِيْرَةٌ | اِلَّا | عَلَى | الْخٰشِعِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَظُنُّوْنَ | اَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | بڑی (دشوار) | مگر | پر | عاجزی کرنے والے | وہ جو | یقین رکھتے ہیں | کہ وہ |

اور وہ بڑی (دشوار) ہے مگر عاجزی کرنے والوں پر (نہیں) وہ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ

مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ٥ ع ٥

| مُلٰقُوْا | رَبِّهِمْ | وَ | اَنَّهُمْ | اِلَيْهِ | رٰجِعُوْنَ | يٰبَنِيْٓ | اِسْرَاۗءِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُو برو ہونے والے | اپنا رب | اور | یہ کہ وہ | اس کی طرف | لوٹنے والے | اے اولاد | یعقوب |

اپنے رب کے رُو برو ہونے والے ہیں اور یہ کہ وہ اس کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)!

اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوْا | نِعْمَتِيَ | الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَاَنِّيْ | فَضَّلْتُكُمْ |
| تم یاد کرو | میری نعمت | جو | میں نے بخشی | تم پر | اور یہ کہ میں نے | تمہیں فضیلت دی |

تم میری نعمت یاد کرو، جو میں نے تمہیں بخشی، اور یہ کہ میں نے تمہیں فضیلت دی

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الْعٰلَمِيْنَ | وَاتَّقُوْا | يَوْمًا | لَا تَجْزِيْ | نَفْسٌ | عَنْ | نَفْسٍ | شَيْئًا |
| پر | زمانہ والے | اور ڈرو | اس دن | نہ بدلہ بنے گا | کوئی شخص | سے | کسی | کچھ |

زمانہ والوں پر۔ اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی شخص کسی کا کچھ بدلہ نہ بنے گا،

وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | يُقْبَلُ | مِنْهَا | شَفَاعَةٌ | وَلَا | يُؤْخَذُ | مِنْهَا | عَدْلٌ | وَلَا | هُمْ |
| اور نہ | قبول کی جائیگی | اس سے | کوئی سفارش | اور نہ | لیا جائے گا | اس سے | کوئی معاوضہ | اور نہ | اُن |

اور نہ اس سے کوئی سفارش قبول کی جائے گی، اور نہ اس سے کوئی معاوضہ لیا جائے گا، اور نہ اُن کی

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنْصَرُوْنَ | وَاِذْ | نَجَّيْنٰكُمْ | مِنْ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ | يَسُوْمُوْنَكُمْ |
| مدد کی جائے گی | اور جب | ہم نے تمہیں رہائی دی | سے | آلِ | فرعون | وہ تمہیں دکھ دیتے تھے |

مدد کی جائے گی۔ اور جب ہم نے تمہیں آلِ فرعون سے رہائی دی، وہ تمہیں دکھ دیتے تھے

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | يُذَبِّحُوْنَ | اَبْنَآءَكُمْ | وَيَسْتَحْيُوْنَ | نِسَآءَكُمْ |
| بُرا | عذاب | وہ ذبح کرتے تھے | تمہارے بیٹے | اور زندہ چھوڑ دیتے تھے | تمہاری عورتیں |

بُرا عذاب - اور وہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَفِيْ | ذٰلِكُمْ | بَلَآءٌ | مِنْ | رَّبِّكُمْ | عَظِيْمٌ | وَاِذْ | فَرَقْنَا | بِكُمُ |
| اور میں | اس | آزمائش | سے | تمہارا رب | بڑی | اور جب | ہم نے پھاڑ دیا | تمہارے لئے |

اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب ہم نے تمہارے لئے پھاڑ دیا

الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَحْرَ | فَاَنْجَيْنٰكُمْ | وَ اَغْرَقْنَا | اٰلَ فِرْعَوْنَ | وَ | اَنْتُمْ | تَنْظُرُوْنَ |
| دریا | پھر تمہیں بچا لیا | اور ہم نے ڈبو دیا | آلِ فرعون | اور | تم | دیکھ رہے تھے |

دریا، پھر ہم نے تمہیں بچا لیا، اور آلِ فرعون کو ڈبو دیا، اور تم دیکھ رہے تھے۔

وَ اِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِذْ | وٰعَدْنَا | مُوْسٰى | اَرْبَعِيْنَ | لَيْلَةً | ثُمَّ | اتَّخَذْتُمُ | الْعِجْلَ | مِنْۢ بَعْدِهٖ |
| اور جب | ہم نے وعدہ کیا | موسیٰ | چالیس | رات | پھر | تم نے بنا لیا | بچھڑا | ان کے بعد |

اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا، پھر تم نے بچھڑے کو ان کے بعد (معبود) بنا لیا،

وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْتُمْ | ظٰلِمُوْنَ | ثُمَّ | عَفَوْنَا | عَنْكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | لَعَلَّكُمْ |
| اور تم | ظالم (جمع) | پھر | ہم نے معاف کر دیا | تم سے | اس کے بعد | یہ | تاکہ تم |

اور تم ظالم ہوئے۔ پھر ہم نے تمہیں اس کے بعد معاف کر دیا تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَ الْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشْكُرُوْنَ | وَ اِذْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | وَ الْفُرْقَانَ | لَعَلَّكُمْ |
| احسان مانو | اور جب | ہم نے دی | موسیٰ | کتاب | اور جدا جدا کرنیوالے احکام | تاکہ تم |

احسان مانو۔ اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور جدا جدا کرنے والے احکام تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَهْتَدُوْنَ | وَ اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | اِنَّكُمْ | ظَلَمْتُمْ | اَنْفُسَكُمْ |
| ہدایت پالو | اور جب | کہا | موسیٰ | اپنی قوم سے | اے قوم | بیشک تم | تم نے ظلم کیا | اپنے اوپر |

ہدایت پا لو۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا۔ اے قوم! بیشک تم نے اپنے اوپر ظلم کیا

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاتِّخَاذِكُمُ | الْعِجْلَ | فَتُوْبُوْٓا | اِلٰى | بَارِىِٕكُمْ | فَاقْتُلُوْٓا | اَنْفُسَكُمْ | ذٰلِكُمْ |
| تم نے بنا لیا | بچھڑا | سو تم رجوع کرو | طرف | پیدا کرنیوالا | سو تم ہلاک کرو | اپنی جانیں | یہ |

بچھڑے کو (معبود) بنا کر، سو تم اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع کرو، اپنوں کو ہلاک کرو، یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ

| خَيْرٌ | لَّكُمْ | عِنْدَ | بَارِئِكُمْ | فَتَابَ | عَلَيْكُمْ | اِنَّهٗ | هُوَ | التَّوَّابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر | تمہارے لئے | نزدیک | تمہارا پیدا کرنیوالا | اس نے توبہ قبول کی | تمہاری | بیشک | وہ | توبہ قبول کرنیوالا |

تمہارے لئے بہتر ہے تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک، سو اس نے تمہاری توبہ قبول کر لی، بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿٥٤﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

| الرَّحِيْمُ | وَاِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نُّؤْمِنَ | لَكَ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کرنے والا | اور جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہم ہرگز نہ مانیں گے | تجھے | جب تک |

رحم کرنیوالا ہے اور جب تم نے کہا اے موسیٰ! ہم تجھے ہرگز نہ مانیں گے، جب تک

نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾

| نَرَى | اللّٰهَ | جَهْرَةً | فَاَخَذَتْكُمُ | الصّٰعِقَةُ | وَاَنْتُمْ | تَنْظُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم دیکھ لیں | اللہ | کھلم کھلا | پھر تمہیں آ لیا | بجلی کی کڑک | اور تم | تم دیکھ رہے تھے |

اللہ کو ہم کھلم کھلا نہ دیکھ لیں، پھر تمہیں بجلی کی کڑک نے آ لیا اور تم دیکھ رہے تھے۔

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾

| ثُمَّ | بَعَثْنٰكُمْ | مِّنْ | بَعْدِ | مَوْتِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | ہم نے تمہیں زندہ کیا | سے | بعد | تمہاری موت | تاکہ تم | احسان مانو |

پھر ہم نے تمہیں تمہاری موت کے بعد زندہ کیا، تاکہ تم احسان مانو۔

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ

| وَظَلَّلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْغَمَامَ | وَاَنْزَلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْمَنَّ | وَ | السَّلْوٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہم نے سایہ کیا | تم پر | بادل | اور ہم نے اتارا | تم پر | من | اور | سلوا |

اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور ہم نے تم پر من و سلوا اُتارا،

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

| كُلُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | مَا ظَلَمُوْنَا | وَلٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کھاؤ | سے | پاک چیزیں | جو | ہم نے تمہیں دیں | اور | انہوں نے ظلم نہیں کیا ہم پر | اور لیکن |

وہ پاک چیزیں کھاؤ جو ہم نے تمہیں دیں۔ اور انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا اور لیکن

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | وَاِذْ | قُلْنَا | ادْخُلُوْا | هٰذِهِ |
| تھے | اپنی جانیں | وہ ظلم کرتے تھے | اور جب | ہم نے کہا | تم داخل ہو | اس |

وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ اور جب ہم نے کہا تم داخل ہو اس

الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَرْيَةَ | فَكُلُوْا | مِنْهَا | حَيْثُ | شِئْتُمْ | رَغَدًا | وَّادْخُلُوا | الْبَابَ |
| بستی | پھر کھاؤ | اس سے | جہاں | تم چاہو | بافراغت | اور تم داخل ہو | دروازہ |

بستی میں، پھر اس میں جہاں سے چاہو بافراغت کھاؤ اور دروازہ سے داخل ہو

سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَسَنَزِيْدُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سُجَّدًا | وَّقُوْلُوْا | حِطَّةٌ | نَّغْفِرْ | لَكُمْ | خَطٰيٰكُمْ | وَسَنَزِيْدُ |
| سجدہ کرتے ہوئے | اور کہو | بخش دے | ہم بخش دینگے | تمہیں | تمہاری خطائیں | اور عنقریب زیادہ دیں گے |

سجدہ کرتے ہوئے اور کہو بخش دے، ہم تمہیں تمہاری خطائیں بخش دیں گے، اور عنقریب زیادہ دیں گے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | فَبَدَّلَ | الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | قَوْلًا | غَيْرَ | الَّذِيْ | قِيْلَ |
| نیکی کرنے والے | پھر بدل ڈالا | جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم) | بات | دوسری | وہ جو کہ | کہی گئی |

نیکی کرنے والوں کو۔ پھر ظالموں نے دوسری بات سے اس بات کو بدل ڈالا جو کہی گئی تھی

لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | فَاَنْزَلْنَا | عَلَى | الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | رِجْزًا | مِّنَ | السَّمَاۗءِ |
| انہیں | پھر ہم نے اتارا | پر | جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم) | عذاب | سے | آسمان |

انہیں، پھر ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب اُتارا،

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ ۶ ع ۱۳ ۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ | وَاِذِ | اسْتَسْقٰى | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ |
| کیونکہ | وہ نافرمانی کرتے تھے | اور جب | پانی مانگا | موسیٰ نے | اپنی قوم کے لئے |

کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

| فَقُلْنَا | اضْرِبْ | بِّعَصَاكَ | الْحَجَرَ | فَانْفَجَرَتْ | مِنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|
| پھر ہم نے کہا | مارو | اپنا عصا | پتھر | تو پھوٹ پڑے | اس سے |

پھر ہم نے کہا اپنا عصا پتھر پر مارو، تو پھوٹ پڑے اس سے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ

| اثْنَتَا عَشْرَةَ | عَيْنًا | قَدْ عَلِمَ | كُلُّ اُنَاسٍ | مَّشْرَبَهُمْ |
|---|---|---|---|---|
| بارہ | چشمے | جان لیا | ہر قوم | اپنا گھاٹ |

بارہ چشمے، ہر قوم نے اپنا گھاٹ جان لیا،

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ

| كُلُوْا | وَاشْرَبُوْا | مِنْ | رِّزْقِ | اللّٰهِ | وَلَا تَعْثَوْا | فِی | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کھاؤ | اور پیو | سے | رزق | اللہ | اور نہ پھرو | میں | زمین |

تم کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے، اور زمین میں نہ پھرو

مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ

| مُفْسِدِيْنَ | وَاِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نَّصْبِرَ | عَلٰى | طَعَامٍ | وَّاحِدٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فساد مچاتے | اور جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہرگز نہ صبر کریں گے | پر | کھانا | ایک |

فساد مچاتے۔ اور جب تم نے کہا اے موسےٰ! ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کریں گے،

فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا

| فَادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُخْرِجْ لَنَا | مِمَّا | تُنْۢبِتُ | الْاَرْضُ | مِنْ | بَقْلِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دعا کریں | ہمارے لئے | اپنا رب | نکالے ہمارے لئے | اس سے جو | اُگاتی ہے | زمین | سے (کچھ) | ترکاری |

آپ ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کریں ہمارے لئے نکالے جو زمین اُگاتی ہے، کچھ ترکاری

وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

| وَقِثَّآئِهَا | وَفُوْمِهَا | وَعَدَسِهَا | وَبَصَلِهَا | قَالَ | اَتَسْتَبْدِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور ککڑی | اور گندم | اور مسور | اور پیاز | اس نے کہا | کیا تم بدلنا چاہتے ہو |

اور ککڑی، اور گندم، اور مسوٗر، اور پیاز۔ اس نے کہا کیا تم بدلنا چاہتے ہو؟

الَّذِىۡ هُوَ اَدۡنٰى بِالَّذِىۡ هُوَ خَيۡرٌ ؕ اِهۡبِطُوۡا مِصۡرًا فَاِنَّ لَـكُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىۡ | هُوَ اَدۡنٰى | بِالَّذِىۡ | هُوَ | خَيۡرٌ | اِهۡبِطُوۡا | مِصۡرًا | فَاِنَّ | لَـكُمۡ |
| جو کہ | وہ ادنیٰ | اس سے جو | وہ | بہتر | تم اترو | شہر | پس بیشک | تمہارے لئے |

وہ جو ادنیٰ ہے اس سے جو بہتر ہے، تم شہر میں اترو بیشک تمہارے لئے ہوگا

مَّا سَاَلۡتُمۡ ؕ وَضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الذِّلَّةُ وَالۡمَسۡكَنَةُ ۚ وَبَآءُوۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّا سَاَلۡتُمۡ | وَ | ضُرِبَتۡ | عَلَيۡهِمُ | الذِّلَّةُ | وَالۡمَسۡكَنَةُ | وَبَآءُوۡ |
| جو تم مانگتے ہو | اور | ڈالدی گئی | ان پر | ذلت | اور محتاجی | اور وہ لوٹے |

جو تم مانگتے ہو، اور ان پر ذلت اور محتاجی ڈال دی گئی، اور وہ لوٹے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغَضَبٍ | مِنَ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمۡ | كَانُوۡا | يَكۡفُرُوۡنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ |
| غضب کے ساتھ | سے | اللہ | یہ | اس لئے کہ وہ | وہ تھے | وہ انکار کرتے | آیتوں کا | اللہ |

اللہ کے غضب کے ساتھ، یہ اس لئے ہوا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے،

وَيَقۡتُلُوۡنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيۡرِ الۡحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوۡا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَيَقۡتُلُوۡنَ | النَّبِيّٖنَ | بِغَيۡرِ الۡحَقِّ | ذٰلِكَ | بِمَا | عَصَوۡا |
| اور قتل کرتے تھے | نبیوں کو | ناحق | یہ | اس لئے کہ | انہوں نے نافرمانی کی |

اور ناحق نبیوں کو قتل کرتے تھے، یہ اس لئے ہوا کہ انہوں نے نافرمانی کی اور

وَّكَانُوۡا يَعۡتَدُوۡنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالنَّصٰرٰى ۷ ع ۲ ۷

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانُوۡا | يَعۡتَدُوۡنَ | اِنَّ الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَالَّذِيۡنَ | هَادُوۡا | وَالنَّصٰرٰى |
| اور تھے | حد سے بڑھتے | بیشک جو لوگ | ایمان لائے | اور جو لوگ | یہودی ہوئے | اور نصاریٰ |

اور وہ حد سے بڑھتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور نصرانی

وَالصّٰبِـِٕيۡنَ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالصّٰبِـِٕيۡنَ | مَنۡ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ | وَعَمِلَ | صَالِحًا |
| اور صابی | جو | ایمان لائے | اللہ پر | اور | روزِ آخرت | اور عمل کرے | نیک |

اور صابی، جو ایمان لائے اللہ پر اور روزِ آخرت پر اور نیک عمل کرے

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ |
| توان کے لئے | ان کا اجر | پاس | ان کا رب | اور نہ | کوئی خوف | ان پر | اور نہ | وہ |

توان کے لئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے، اور ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَحْزَنُوْنَ | وَ | اِذْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَكُمْ | وَرَفَعْنَا | فَوْقَكُمُ | الطُّوْرَ |
| غمگین ہوں گے | اور | جب | ہم نے لیا | تم سے اقرار | اور ہم نے اٹھایا | تمہارے اوپر | کوہ طور |

غمگین ہوں گے۔ اور جب ہم نے تم سے اقرار لیا، اور ہم نے تمہارے اوپر کوہ طور اُٹھایا،

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خُذُوْا | مَآ اٰتَيْنٰكُمْ | بِقُوَّةٍ | وَاذْكُرُوْا | مَا | فِيْهِ | لَعَلَّكُمْ |
| پکڑو | جو ہم نے تمہیں دیا | مضبوطی سے | اور یاد رکھو | جو | اس میں | تاکہ تم |

جو ہم نے تمہیں دیا ہے وہ مضبوطی سے پکڑو، اور جو اس میں ہے اسے یاد رکھو تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوْنَ | ثُمَّ | تَوَلَّيْتُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | فَلَوْلَا | فَضْلُ | اللّٰهِ |
| پرہیزگار ہوجاؤ | پھر | تم پھر گئے | بعد | اس | پس اگر نہ | فضل | اللہ |

پرہیزگار ہو جاؤ۔ پھر اس کے بعد تم پھر گئے، پس اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | وَرَحْمَتُهٗ | لَكُنْتُمْ | مِّنَ | الْخٰسِرِيْنَ | وَلَقَدْ | عَلِمْتُمُ | الَّذِيْنَ |
| تم پر | اور اس کی رحمت | تو تم تھے | سے | نقصان اٹھانے والے | اور البتہ | تم نے جان لیا | جنہوں نے |

تم پر، اور اس کی رحمت تو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے تھے اور البتہ تم نے (ان لوگوں کو) جان لیا جنہوں نے

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ﴿٦٥﴾ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْتَدَوْا | مِنْكُمْ | فِي السَّبْتِ | فَقُلْنَا | لَهُمْ | كُوْنُوْا | قِرَدَةً | خٰسِئِيْنَ |
| زیادتی کی | تم سے | ہفتہ کے دن میں | تب ہم نے کہا | ان سے | تم ہو جاؤ | بندر | ذلیل |

تم میں سے ہفتہ کے دن میں زیادتی کی تب ہم نے ان سے کہا تم ذلیل بندر ہو جاؤ۔

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَجَعَلْنٰهَا | نَكَالًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهَا | وَمَا | خَلْفَهَا | وَمَوْعِظَةً |
| پھر ہم نے اسے بنایا | عبرت | سامنے والوں کے لئے | | اور جو | اس کے پیچھے | اور نصیحت |

پھر ہم نے اُسے سامنے والوں کے لئے اور پیچھے آنے والوں کے لئے عبرت بنایا، اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَاْمُرُكُمْ |
| پرہیزگاروں کے لئے | اور جب | | کہا | موسےٰ | اپنی قوم سے | بیشک | اللہ | تمہیں حکم دیتا ہے |

پرہیزگاروں کے لئے۔ اور جب موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے

اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَذْبَحُوْا | بَقَرَةً | قَالُوْٓا | اَتَتَّخِذُنَا | هُزُوًا | قَالَ | اَعُوْذُ | بِاللّٰهِ |
| کہ | تم ذبح کرو | ایک گائے | وہ کہنے لگے | کیا تم کرتے ہو ہم سے | مذاق | اس نے کہا | میں پناہ لیتا ہوں | اللہ کی |

کہ تم ایک گائے ذبح کرو، وہ کہنے لگے کیا تم ہم سے مذاق کرتے ہو؟ اس نے کہا میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ اَكُوْنَ | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ | قَالُوْا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا |
| کہ ہو جاؤں | جاہلوں سے | انہوں نے کہا | دعا کریں | ہمارے لئے | اپنا رب | تبلائے | ہمیں |

(اس سے) کہ بس جاہلوں سے ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کریں کہ وہ ہمیں تبلائے

مَا هِىَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا هِىَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ | لَا فَارِضٌ | وَلَا | بِكْرٌ |
| کیسی ہے وہ | اس نے کہا | بیشک وہ | فرماتا ہے | کہ وہ | گائے | نہ بوڑھی | اور نہ | چھوٹی عمر |

وہ کیسی ہے؟ اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ بوڑھی ہے اور نہ چھوٹی عمر کی

عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَوَانٌ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | فَافْعَلُوْا | مَا | تُؤْمَرُوْنَ | قَالُوْا | ادْعُ | لَنَا |
| جوان | درمیان | اس | پس کرو | جو | تمہیں حکم دیا جاتا ہے | انہوں نے کہا | دعا کریں | ہمارے لئے |

اس کے درمیانی جوان ہے، پس تمہیں جو حکم دیا جاتا ہے کرو۔ انہوں نے کہا ہمارے لئے دعا کریں

رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

| رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا | لَوْنُهَا | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا رب | وہ بتلادے | ہمیں | کیسا | اس کا رنگ | اس نے کہا | بیشک وہ | فرماتا ہے | کہ وہ | ایک گائے |

اپنے رب سے کہ وہ ہمیں بتلادے اس کا رنگ کیسا ہے؟ اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے

صَفْرَاۗءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۝۶۹ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

| صَفْرَاۗءُ | فَاقِعٌ | لَّوْنُهَا | تَسُرُّ | النّٰظِرِيْنَ | قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زرد رنگ | گہرا | اس کا رنگ | اچھی لگتی | دیکھنے والے | انہوں نے کہا | دعا کریں | ہمارے لئے | اپنا رب |

زرد رنگ کی ہے اس کا رنگ خوب گہرا ہے دیکھنے والوں کو اچھی لگتی ہے۔ انہوں نے کہا ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کریں

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ

| يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا هِيَ | اِنَّ | الْبَقَرَ | تَشٰبَهَ | عَلَيْنَا | وَاِنَّآ | اِنْ | شَاۗءَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ بتلادے | ہمیں | وہ کیسی | کیونکہ | گائے | اشتباہ ہوگیا | ہم پر | اور بیشک ہم | اگر | چاہا | اللہ |

وہ ہمیں بتلادے وہ کیسی ہے؟ کیونکہ گائے ہیں ہم پر اشتباہ ہوگیا، اور اگر اللہ نے چاہا تو بیشک

لَمُهْتَدُوْنَ ۝۷۰ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ

| لَمُهْتَدُوْنَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ | لَّا ذَلُوْلٌ | تُثِيْرُ | الْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضرور ہدایت پالیں گے | اس نے کہا | بیشک وہ | فرماتا ہے | کہ وہ | ایک گائے | نہ سدھی ہوئی | جوتتی | زمین |

ہم ضرور ہدایت پالیں گے۔ اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ سدھی ہو، نہ زمین جوتتی

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْـٰٔنَ

| وَلَا | تَسْقِي | الْحَرْثَ | مُسَلَّمَةٌ | لَّا | شِيَةَ | فِيْهَا | قَالُوا | الْـٰٔنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | پانی دیتی | کھیتی | بے عیب | نہیں | کوئی داغ | اس میں | وہ بولے | اب |

نہ کھیتی کو پانی دیتی، بے عیب ہے، اس میں کوئی داغ نہیں' وہ بولے اب

۸ ع ۱۰ ۸

جِئْتَ بِالْحَقِّ ۭ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝۷۱ وَاِذْ

| جِئْتَ | بِالْحَقِّ | فَذَبَحُوْهَا | وَمَا كَادُوْا | يَفْعَلُوْنَ | وَاِذْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم لائے | ٹھیک بات | پھر انہوں نے ذبح کیا اس کو | اور وہ لگتے نہ تھے | وہ کریں | اور جب |

تم ٹھیک بات لائے، پھر انہوں نے اسے ذبح کیا، اور وہ لگتے نہ تھے کہ وہ (ذبح) کریں۔ اور جب

قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيهَا ۖ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ﴿٧٢﴾

| قَتَلْتُمْ | نَفْسًا | فَادّٰرَءْتُمْ | فِيهَا | وَاللّٰهُ | مُخْرِجٌ | مَا كُنْتُمْ | تَكْتُمُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم نے قتل کیا | ایک آدمی | پھر تم جھگڑنے لگے | اس میں | اور اللہ | ظاہر کرنیوالا | جو تم تھے | چھپاتے |

تم نے ایک آدمی کو قتل کیا پھر تم اس میں جھگڑنے لگے اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا جو تم چھپاتے تھے۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا ۚ كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيكُمْ

| فَقُلْنَا | اضْرِبُوهُ | بِبَعْضِهَا | كَذٰلِكَ | يُحْيِي | اللّٰهُ | الْمَوْتٰى | وَيُرِيكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر ہم نے کہا | اسے مارو | اس کا ٹکڑا | اس طرح | زندہ کریگا | اللہ | مُردے | اور تمہیں دکھاتا ہے |

پھر ہم نے کہا تم اس (مقتول) کو گائے کا ایک ٹکڑا مارو، اس طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرے گا، وہ تمہیں دکھاتا ہے

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ

| اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُونَ | ثُمَّ | قَسَتْ | قُلُوبُكُمْ | مِنْ بَعْدِ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے نشان | تاکہ تم | غور کرو | پھر | سخت ہوگئے | تمہارے دل | بعد | اس |

اپنے نشان، تاکہ تم غور کرو۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے،

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ

| فَهِيَ | كَالْحِجَارَةِ | أَوْ | أَشَدُّ | قَسْوَةً | وَإِنَّ | مِنَ | الْحِجَارَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو وہ | پتھر جیسے | یا | اس سے زیادہ | سخت | اور بیشک | سے | پتھر |

سو وہ پتھر جیسے ہوگئے، یا اس سے زیادہ سخت، اور بیشک بعض پتھروں سے

لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهٰرُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ

| لَمَا | يَتَفَجَّرُ | مِنْهُ | الْأَنْهٰرُ | وَإِنَّ | مِنْهَا | لَمَا | يَشَّقَّقُ | فَيَخْرُجُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ | پھوٹ نکلتی ہیں | اس سے | نہریں | اور بیشک | اس سے (بعض) | البتہ جو | پھٹ جاتے ہیں | تو نکلتا ہے |

نہریں پھوٹ نکلتی ہیں، اور بیشک ان میں سے بعض پھٹ جاتے ہیں تو نکلتا ہے

مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۗ وَ

| مِنْهُ | الْمَاءُ | وَإِنَّ | مِنْهَا | لَمَا يَهْبِطُ | مِنْ | خَشْيَةِ | اللّٰهِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | پانی | اور بیشک | اس سے | البتہ گرتا ہے | سے | ڈر | اللہ | اور |

ان سے پانی، اور ان میں سے بعض اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں، اور

مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ | اَفَتَطْمَعُوْنَ | اَنْ | يُّؤْمِنُوْا |
| نہیں اللہ | بے خبر | سے جو | تم کرتے ہو | کیا پھر تم توقع رکھتے ہو | کہ | مان لیں گے |

اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔ پھر کیا تم توقع رکھتے ہو؟ کہ وہ مان لیں گے

لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَقَدْ كَانَ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | يَسْمَعُوْنَ | كَلٰمَ اللّٰهِ | ثُمَّ | يُحَرِّفُوْنَهٗ |
| تمہارے لئے | اور تھا | ایک فریق | ان سے | وہ سنتے ہیں | اللہ کا کلام | پھر | وہ بدل ڈالتے ہیں اس کو |

تمہاری خاطر، اور ان میں سے ایک فریق اللہ کا کلام سنتا ہے پھر وہ اس کو بدل ڈالتے ہیں

مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِ | مَا عَقَلُوْهُ | وَهُمْ | يَعْلَمُوْنَ | وَاِذَا | لَقُوْا | الَّذِيْنَ |
| بعد | جو انہوں نے سمجھ لیا | اور وہ | جانتے ہیں | اور جب | وہ ملتے ہیں | جو لوگ |

اس کو سمجھ لینے کے بعد، اور وہ جانتے ہیں۔ اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں جو

اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَاِذَا | خَلَا | بَعْضُهُمْ | اِلٰى | بَعْضٍ | قَالُوْٓا |
| ایمان لائے | وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور جب | اکیلے ہوتے ہیں | ان کے بعض | پاس | بعض | کہتے ہیں |

ایمان لائے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے، اور جب ان کے بعض دوسروں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں، تو کہتے ہیں

اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ | بِمَا | فَتَحَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | لِيُحَآجُّوْكُمْ | بِهٖ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ |
| کیا تبلاتے ہو انہیں | جو | ظاہر کیا | اللہ | تم پر | تاکہ وہ حجت لائیں تم پر | اسکے ذریعہ | سامنے | تمہارا رب |

کیا تم انہیں وہ تبلاتے ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کیا تاکہ وہ اس کے ذریعہ تمہارے رب کے سامنے حجت لائیں تم پر

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ | اَوَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | يُسِرُّوْنَ |
| تو کیا تم نہیں سمجھتے | کیا | نہیں وہ جانتے | کہ | اللہ | جانتا ہے | جو | وہ چھپاتے ہیں |

تو کیا تم نہیں سمجھتے؟ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں

النصف

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۷ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | يُعْلِنُوْنَ | وَمِنْهُمْ | اُمِّيُّوْنَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | الْكِتٰبَ | اِلَّآ |
| اور جو | وہ ظاہر کرتے ہیں | اور ان میں | اَن پڑھ | وہ نہیں جانتے | کتاب | سوائے |

اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور ان میں بعض اَن پڑھ ہیں جو کتاب نہیں جانتے سوائے

اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝۷۸ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمَانِيَّ | وَاِنْ | هُمْ | اِلَّا | يَظُنُّوْنَ | فَوَيْلٌ | لِّلَّذِيْنَ | يَكْتُبُوْنَ | الْكِتٰبَ |
| آرزوئیں | اور نہیں | وہ | مگر | گمان سے کام لیتے ہیں | سوخرابی | ان کے لئے جو | لکھتے ہیں | کتاب |

چند آرزوؤں کے' اور وہ صرف گمان سے کام لیتے ہیں۔ سو ان کے لئے خرابی ہے جو وہ کتاب لکھتے ہیں

بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَيْدِيْهِمْ | ثُمَّ | يَقُوْلُوْنَ | هٰذَا | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | لِيَشْتَرُوْا | بِهٖ |
| اپنے ہاتھوں سے | پھر | وہ کہتے ہیں | یہ | سے | پاس | اللہ | تاکہ وہ حاصل کریں | اس سے |

اپنے ہاتھوں سے' پھر کہتے ہیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تاکہ اس کے ذریعہ حاصل کریں

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمَنًا | قَلِيْلًا | فَوَيْلٌ | لَّهُمْ | مِّمَّا | كَتَبَتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَوَيْلٌ | لَّهُمْ |
| قیمت | تھوڑی | سوخرابی | انکے لئے | اس سے جو | لکھا | ان کے ہاتھ | اور خرابی | ان کے لئے |

تھوڑی سی قیمت، سو ان کے لئے خرابی ہے اس سے جو ان کے ہاتھوں نے لکھا' اور ان کے لئے خرابی ہے

مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۝۷۹ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا | يَكْسِبُوْنَ | وَقَالُوْا | لَنْ تَمَسَّنَا | النَّارُ | اِلَّآ | اَيَّامًا | مَّعْدُوْدَةً | |
| اس سے جو | وہ کماتے ہیں | اور انہوں نے کہا | ہرگز نہیں چھوئے گی | آگ | سوائے | دن | چند | |

اس سے جو وہ کماتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا کہ ہمیں آگ ہرگز نہ چھوئے گی گنتی کے چند دن کے سوا '

قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اَتَّخَذْتُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَهْدًا | فَلَنْ | يُّخْلِفَ | اللّٰهُ | عَهْدَهٗٓ |
| کہدو | کیا تم نے لیا | پاس | اللہ | کوئی وعدہ | کہ ہرگز نہ | خلاف کرے گا | اللہ | اپنا وعدہ |

کہدو' کیا تم نے اللہ کے پاس سے کوئی وعدہ لیا ہے؟ کہ اللہ ہرگز اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرے گا'

اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۞۸۰ بَلٰى مَنْ كَسَبَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | تَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ | بَلٰى | مَنْ | كَسَبَ |
| کیا | تم کہتے ہو | پر | اللہ | جو | تم نہیں جانتے | کیوں نہیں | جس نے | کمائی |

کیا تم اللہ پر وہ کہتے ہو جو تم نہیں جانتے؟ کیوں نہیں! جس نے کمائی

سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَيِّئَةً | وَّاَحَاطَتْ | بِهٖ | خَطِيْٓئَتُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ |
| کوئی برائی | اور گھیر لیا | اس کو | اس کی خطائیں | پس یہی لوگ | آگ والے (دوزخی) |

کوئی برائی اور اس کو اس کی خطاؤں نے گھیر لیا پس یہی لوگ دوزخی ہیں ،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞۸۱ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور انہوں نے کئے | اچھے عمل |

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

۹ ع ۱۱ ۹ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞۸۲ ع وَاِذْ اَخَذْنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَاِذْ | اَخَذْنَا |
| یہی لوگ | جنت والے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | اور جب | ہم نے لیا |

یہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جب ہم نے لیا

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف وَبِالْوَالِدَيْنِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِيْثَاقَ | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | لَا تَعْبُدُوْنَ | اِلَّا | اللّٰهَ | وَ | بِالْوَالِدَيْنِ |
| پختہ عہد | بنی اسرائیل | تم عبادت نہ کرنا | سوائے | اللہ | اور | ماں باپ سے |

بنی اسرائیل سے پختہ عہد کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِحْسَانًا | وَّذِي الْقُرْبٰى | وَالْيَتٰمٰى | وَ الْمَسٰكِيْنِ | وَقُوْلُوْا |
| حسن سلوک | اور قرابت دار | اور یتیم (جمع) | اور مسکین (جمع) | اور تم کہنا |

حسن سلوک کرنا، اور قرابت داروں، یتیموں اور مسکینوں سے ۔ اور تم کہنا

لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ

| لِلنَّاسِ | حُسْنًا | وَ اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَ اٰتُوا | الزَّكٰوةَ | ثُمَّ | تَوَلَّيْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں سے | اچھی بات | اور تم قائم کرنا | نماز | اور دینا | زکوٰۃ | پھر | تم پھر گئے |

لوگوں سے اچھی بات، اور نماز قائم کرنا، اور زکوٰۃ دینا، پھر تم پھر گئے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَ اَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

| اِلَّا | قَلِيْلًا | مِنْكُمْ | وَ اَنْتُمْ | مُعْرِضُوْنَ | وَ اِذْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | چند ایک | تم میں سے | اور تم | پھر جانے والے | اور جب | ہم نے لیا | تم سے پختہ عہد |

تم میں سے چند ایک کے سوا، اور تم پھر جانے والے ہو۔ اور پھر جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا

لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَ لَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

| لَا تَسْفِكُوْنَ | دِمَآءَكُمْ | وَ لَا | تُخْرِجُوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | مِنْ | دِيَارِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ تم بہاؤ گے | اپنوں کے خون | اور نہ | تم نکالو گے | اپنوں | سے | اپنی بستیاں |

کہ تم اپنوں کے خون نہ بہاؤ گے، اور نہ تم اپنوں کو اپنی بستیوں سے نکالو گے،

ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَ اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٨٤﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ

| ثُمَّ | اَقْرَرْتُمْ | وَ اَنْتُمْ | تَشْهَدُوْنَ | ثُمَّ | اَنْتُمْ | هٰٓؤُلَآءِ | تَقْتُلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | تم نے اقرار کیا | اور تم | گواہ ہو | پھر | تم | وہ لوگ | قتل کرتے ہو |

پھر تم نے اقرار کیا اور تم گواہ ہو۔ پھر تم وہ لوگ ہو جو قتل کرتے ہو

اَنْفُسَكُمْ وَ تُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ز تَظٰهَرُوْنَ

| اَنْفُسَكُمْ | وَ تُخْرِجُوْنَ | فَرِيْقًا | مِنْكُمْ | مِنْ | دِيَارِهِمْ | تَظٰهَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنوں کو | اور تم نکالتے ہو | ایک فریق | اپنے سے | سے | ان کے وطن | تم چڑھائی کرتے ہو |

اپنوں کو، اور اپنے ایک فریق کو ان کے وطن سے نکالتے ہو، تم چڑھائی کرتے ہو

عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ؕ وَ اِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ

| عَلَيْهِمْ | بِالْاِثْمِ | وَ الْعُدْوَانِ | وَ اِنْ | يَاْتُوْكُمْ | اُسٰرٰى | تُفٰدُوْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | گناہ سے | اور سرکشی | اور اگر | وہ آئیں تمہارے پاس | قیدی | تم بدلہ دیکر چھڑاتے ہو انہیں |

ان پر گناہ اور سرکشی سے، اور اگر وہ تمہارے پاس قیدی آئیں تو بدلہ دے کر انہیں چھڑاتے ہو،

وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ

| وَهُوَ | مُحَرَّمٌ | عَلَيْكُمْ | اِخْرَاجُهُمْ | اَفَتُؤْمِنُوْنَ | بِبَعْضِ | الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حالانکہ وہ | حرام کیا گیا | تم پر | نکالنا ان کا | تو کیا تم ایمان لاتے ہو | بعض حصہ | کتاب |

حالانکہ اُن کا نکالنا تم پر حرام کیا گیا تھا، تو کیا تم کتاب کے بعض حصہ پر ایمان لاتے ہو؟

وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاۗءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ

| وَتَكْفُرُوْنَ | بِبَعْضٍ | فَمَا | جَزَاۗءُ | مَنْ | يَّفْعَلُ | ذٰلِكَ | مِنْكُمْ | اِلَّا | خِزْيٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور انکار کرتے ہو | بعض حصہ | سو کیا | سزا | جو | کرے | یہ | تم میں سے | سوائے | رسوائی |

اور بعض حصہ کا انکار کرتے ہو؟ سو تم میں جو ایسا کرے اس کی کیا سزا ہے؟ سوائے اس کے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ

| فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ | يُرَدُّوْنَ | اِلٰى | اَشَدِّ الْعَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | زندگی | دنیا | اور قیامت کے دن | وہ لوٹائے جائیں گے | طرف | سخت عذاب |

کہ دنیا کی زندگی میں رسوائی، اور وہ قیامت کے دن سخت عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے،

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

| وَمَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ | اُولٰۗىِٕكَ | الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | اللہ | بے خبر | اس سے جو | تم کرتے ہو | یہی لوگ | وہ جنہوں نے | خرید لی |

اور تم جو کرتے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے خرید لی

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

| الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | بِالْاٰخِرَةِ | فَلَا يُخَفَّفُ | عَنْهُمُ | الْعَذَابُ | وَلَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندگی | دنیا | آخرت کے بدلے | سو ہلکا نہ کیا جائے گا | ان سے | عذاب | اور نہ | وہ |

آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی، سو ان سے عذاب ہلکا نہ کیا جائے گا، اور نہ وہ

۱۰ ع ۱۰ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ

| يُنْصَرُوْنَ | وَلَقَدْ اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | وَقَفَّيْنَا | مِنْۢ بَعْدِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|
| مدد کئے جائیں گے | اور البتہ ہم نے دی | موسیٰ | کتاب | اور ہم نے پے در پے بھیجے | اس کے بعد |

مدد کئے جائیں گے۔ اور البتہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، اور ہم نے اس کے بعد پے در پے بھیجے

بِالرُّسُلِ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالرُّسُلِ | وَاٰتَيْنَا | عِيْسَى | ابْنَ مَرْيَمَ | الْبَيِّنٰتِ | وَاَيَّدْنٰهُ |
| رسول | اور ہم نے دی | عیسےٰ | مریم کا بیٹا | کھلی نشانیاں | اور اس کی مدد کی |

رسول، اور ہم نے مریم کے بیٹے عیسےٰ کو کھلی نشانیاں دیں اور اس کی مدد کی

بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرُوْحِ الْقُدُسِ | اَفَكُلَّمَا | جَآءَكُمْ | رَسُوْلٌ | بِمَا | لَا تَهْوٰٓى | اَنْفُسُكُمُ |
| روح القدس (جبرئیل) کے ذریعہ | کیا پھر جب | آیا تمہارے پاس | کوئی رسول | اسکے ساتھ جو | نہ چاہتے | تمہارے نفس |

جبرئیل کے ذریعہ، کیا پھر جب تمہارے پاس کوئی رسول اس کے ساتھ آیا جو تمہارے نفس نہ چاہتے تھے

اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ز وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَكْبَرْتُمْ | فَفَرِيْقًا | كَذَّبْتُمْ | وَفَرِيْقًا | تَقْتُلُوْنَ | وَقَالُوْا | قُلُوْبُنَا |
| تم نے تکبر کیا | سو ایک گروہ | تم نے جھٹلایا | اور ایک گروہ | تم قتل کرنے لگے | اور انہوں نے کہا | ہمارے دل |

تو تم نے تکبر کیا، سو ایک گروہ کو تم نے جھٹلایا اور ایک گروہ کو تم قتل کرنے لگے۔ اور انہوں نے کہا ہمارے دل

غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَلَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُلْفٌ | بَلْ | لَّعَنَهُمُ | اللّٰهُ | بِكُفْرِهِمْ | فَقَلِيْلًا | مَّا يُؤْمِنُوْنَ | وَلَمَّا |
| پردہ میں | بلکہ | ان پر لعنت | اللہ | انکے کفر کے سبب | سو تھوڑے | جو ایمان لاتے ہیں | اور جب |

پردہ میں ہیں، بلکہ ان پر ان کے کفر کے سبب اللہ کی لعنت ہے سو تھوڑے ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔ اور جب

جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهُمْ | كِتٰبٌ | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | مُصَدِّقٌ | لِّمَا | مَعَهُمْ | وَكَانُوْا |
| انکے پاس آئی | کتاب | سے | پاس | اللہ | تصدیق کرنے والی | اسکی جو | انکے پاس | اور وہ تھے |

ان کے پاس اللہ کے پاس سے کتاب آئی اس کی تصدیق کرنے والی جو ان کے پاس ہے، اور وہ

مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | يَسْتَفْتِحُوْنَ | عَلَى | الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | مَّا |
| اس سے پہلے | فتح مانگتے | پر | جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) | سو جب | آیا انکے پاس | جو |

اس سے پہلے کافروں پر فتح مانگتے تھے، سو جب ان کے پاس وہ آیا جو

عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَرَفُوْا | كَفَرُوْا بِهٖ | فَلَعْنَةُ | اللّٰهِ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | بِئْسَمَا | اشْتَرَوْا |
| وہ پہچانتے تھے | اسکے منکر ہو گئے | سو لعنت | اللہ | پر | کافر (جمع) | بُرا ہے جو | بیچ ڈالا انہوں نے |

وہ پہچانتے تھے وہ اس کے منکر ہو گئے سو کافروں پر اللہ کی لعنت ہے ۔ بُرا ہے جو اُنہوں نے بیچ ڈالا

بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ | يَّكْفُرُوْا | بِمَا | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | بَغْيًا | اَنْ | يُّنَزِّلَ | اللّٰهُ |
| اسکے بدلے | اپنے آپ | کہ | وہ منکر ہوئے | اس سے جو | نازل کیا | اللہ | ضد | کہ | نازل کرتا ہے | اللہ |

اپنے آپ کو اس کے بدلے کہ وہ اس کے منکر ہو گئے جو اللہ نے نازل کیا اس ضد سے کہ اللہ نازل کرتا ہے

مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | فَضْلِهٖ | عَلٰى | مَنْ يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ | فَبَآءُوْ | بِغَضَبٍ | عَلٰى |
| سے | اپنا فضل | پر | جو وہ چاہتا ہے | سے | اپنے بندے | سو وہ کما لائے | غضب | پر |

اپنے فضل سے، اپنے جس بندہ پر وہ چاہتا ہے ، سو کما لائے غضب پر

غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَضَبٍ | وَلِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا |
| غضب | اور کافروں کے لئے | عذاب | رسوا کرنے والا | اور جب | کہا جاتا ہے | انہیں | تم ایمان لاؤ |

غضب ، اور کافروں کے لئے رُسوا کرنے والا عذاب ہے ۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | اَنْزَلَ اللّٰهُ | قَالُوْا | نُؤْمِنُ | بِمَا | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | وَيَكْفُرُوْنَ |
| اس پر جو | نازل کیا اللہ نے | وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لاتے ہیں | اس پر | جو نازل کیا گیا | ہم پر | اور انکار کرتے ہیں |

اس پر جو اللہ نے نازل کیا تو کہتے ہیں، ہم اس پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل کیا گیا اور انکار کرتے ہیں

بِمَا وَرَآءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | وَرَآءَهٗ | وَهُوَ | الْحَقُّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | مَعَهُمْ | قُلْ | فَلِمَ |
| اس سے جو | اسکے علاوہ | حالانکہ وہ | حق | تصدیق کرنیوالا | اسکی جو | ان کے پاس | کہدیں | سو کیوں |

اس کا جو اس کے علاوہ ہے، حالانکہ وہ حق ہے ، اس کی تصدیق کرنے والا جو انکے پاس ہے آپ کہدیں سو کیوں

تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ

| تَقْتُلُوْنَ | اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ | مِنْ قَبْلُ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَلَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تم قتل کرتے رہے | اللہ کے نبی (جمع) | اس سے پہلے | اگر | تم ہو | مومن (جمع) | اور البتہ |

تم اللہ کے نبیوں کو اس سے پہلے قتل کرتے رہے ہو؟ اگر تم مومن ہو۔ اور البتہ

جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ

| جَآءَكُمْ | مُّوْسٰى | بِالْبَيِّنٰتِ | ثُمَّ | اتَّخَذْتُمُ | الْعِجْلَ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَاَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے پاس آئے | موسیٰ | کھلی نشانیوں کے ساتھ | پھر | تم نے بنا لیا | بچھڑا | اس کے بعد | اور تم |

موسیٰؑ تمہارے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے، پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو (معبود) بنا لیا اور تم

ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ

| ظٰلِمُوْنَ | وَاِذْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَكُمْ | وَرَفَعْنَا | فَوْقَكُمُ | الطُّوْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم (جمع) | اور جب | ہم نے لیا | تم سے پختہ عہد | اور ہم نے بلند کیا | تمہارے اوپر | کوہِ طور |

ظالم ہو۔ اور جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور تمہارے اوپر کوہ طور بلند کیا (اور کہا)

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ

| خُذُوْا | مَآ اٰتَيْنٰكُمْ | بِقُوَّةٍ | وَّاسْمَعُوْا | قَالُوْا | سَمِعْنَا | وَعَصَيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑو | جو ہم نے دیا تمہیں | مضبوطی سے | اور سنو | وہ بولے | ہم نے سنا | اور نافرمانی کی |

جو ہم نے تمہیں دیا ہے مضبوطی سے پکڑو اور سنو، تو وہ بولے ہم نے سنا اور نافرمانی کی،

وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ

| وَاُشْرِبُوْا | فِىْ | قُلُوْبِهِمُ | الْعِجْلَ | بِكُفْرِهِمْ | قُلْ | بِئْسَمَا | يَاْمُرُكُمْ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رچا دیا گیا | میں | ان کے دل | بچھڑا | بسبب ان کے کفر | کہدیں | کیا ہی برا جو | تمہیں حکم دیتا ہے | اس کا |

اور ان کے دلوں میں بچھڑا رچا دیا گیا ان کے کفر کے سبب، کہدیں کیا ہی برا ہے جس کا تمہیں حکم دیتا ہے

اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ

| اِيْمَانُكُمْ | اِنْ كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | قُلْ | اِنْ كَانَتْ | لَكُمُ | الدَّارُ الْاٰخِرَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان تمہارا | اگر تم ہو | مومن | کہدیں | اگر ہے | تمہارے لئے | آخرت کا گھر |

تمہارا ایمان، اگر تم مومن ہو۔ کہدیں اگر تمہارے لئے ہے آخرت کا گھر

عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

| عِنْدَ | اللّٰهِ | خَالِصَةً | مِنْ دُوْنِ | النَّاسِ | فَتَمَنَّوُا | الْمَوْتَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاس | اللہ | خاص طور پر | سوائے | لوگ | تو تم آرزو کرو | موت | اگر |

اللہ کے پاس خاص طور پر دوسرے لوگوں کے سوا، تو تم موت کی آرزو کرو، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ط

| كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ | اَبَدًا | بِمَا قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم ہو | سچے | اور وہ ہرگز اسکی آرزو نہ کرینگے | کبھی | بسبب جو آگے بھیجا | ان کے ہاتھ |

تم سچے ہو۔ اور وہ ہرگز کبھی موت کی آرزو نہ کریں گے اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ج

| وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِالظّٰلِمِيْنَ | وَلَتَجِدَنَّهُمْ | اَحْرَصَ | النَّاسِ | عَلٰى حَيٰوةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | جاننے والا | ظالموں کو | اور البتہ تم پاؤ گے انہیں | زیادہ حریص | لوگ | زندگی پر |

اور اللہ ظالموں کو جاننے والا ہے۔ اور البتہ تم انہیں دوسرے لوگوں سے زیادہ زندگی پر حریص پاؤ گے،

معانقة ۲

وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ج يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ج

| وَمِنَ | الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا | يَوَدُّ | اَحَدُهُمْ | لَوْ يُعَمَّرُ | اَلْفَ | سَنَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سے | جن لوگوں نے شرک کیا (مشرک) | چاہتا ہے | ان کا ہر ایک | کاش وہ عمر پائے | ہزار | سال |

اور مشرکوں سے (بھی زیادہ) ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کاش وہ ہزار سال کی عمر پائے،

وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ط وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

| وَمَا هُوَ | بِمُزَحْزِحِهٖ | مِنَ | الْعَذَابِ | اَنْ يُّعَمَّرَ | وَاللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ نہیں | اسے دُور کرنیوالا | سے | عذاب | کہ وہ عمر دیا جائے | اور اللہ | دیکھنے والا | جو |

اور اتنی عمر دیا جانا اسے عذاب سے دُور کرنے والا نہیں، اور اللہ دیکھنے والا ہے جو

۱۱ ع ۱۰ ۱۱ يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

| يَعْمَلُوْنَ | قُلْ | مَنْ | كَانَ | عَدُوًّا | لِّجِبْرِيْلَ | فَاِنَّهٗ | نَزَّلَهٗ | عَلٰى قَلْبِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کرتے ہیں | کہدیں | جو | ہو | دشمن | جبرئیل کا | تو بیشک اس نے | اسے نازل کیا | تیرے دل پر |

وہ کرتے ہیں۔ کہدیں، جو جبرئیل کا دشمن ہو تو بیشک اس نے یہ آپ کے دل پر نازل کیا ہے

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِذْنِ | اللّٰهِ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهِ | وَهُدًى | وَّبُشْرٰى | لِلْمُؤْمِنِيْنَ |
| حکم سے | اللہ | تصدیق کرنیوالا | اسکی جو | اس سے پہلے | اور ہدایت | اور خوشخبری | ایمان والوں کے لئے |

اللہ کے حکم سے اس کی تصدیق کرنے والا جو اس سے پہلے ہے اور ہدایت اور خوشخبری ایمان والوں کے لئے۔

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | كَانَ | عَدُوًّا | لِّلّٰهِ | وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | وَرُسُلِهٖ | وَجِبْرِيْلَ | وَمِيْكٰلَ |
| جو | ہو | دشمن | اللہ کا | اور اسکے فرشتے | اور اسکے رسول | اور جبرئیل | اور میکائیل |

جو دشمن ہو اللہ کا، اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کا، اور جبرئیل اور میکائیل کا

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ اللّٰهَ | عَدُوٌّ | لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَلَقَدْ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكَ | اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ |
| تو بیشک اللہ | دشمن | کافروں کا | اور البتہ | ہم نے اتاری | آپکی طرف | نشانیاں واضح |

تو بیشک اللہ کافروں کا دشمن ہے۔ اور البتہ ہم نے آپ کی طرف واضح نشانیاں اتاریں

وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا يَكْفُرُ | بِهَآ | اِلَّا | الْفٰسِقُوْنَ | اَوَ | كُلَّمَا | عٰهَدُوْا | عَهْدًا | نَّبَذَهٗ |
| اور نہیں انکار کرتے | اس کا | مگر | نافرمان | کیا | جب بھی | انہوں نے عہد کیا | کوئی عہد | توڑ دیا اس کو |

اور ان کا انکار صرف نافرمان کرتے ہیں۔ کیا (ایسا نہیں)، جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو اس کو توڑ دیا

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | وَلَمَّا | جَآءَهُمْ | رَسُوْلٌ |
| ایک فریق | ان سے | بلکہ | اکثر ان کے | ایمان نہیں رکھتے | اور جب | آیا۔ ان | ایک رسول |

ان میں سے ایک فریق نے ، بلکہ ان کے اکثر ایمان نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس ایک رسول آیا

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ عِنْدِ | اللّٰهِ | مُصَدِّقٌ | لِّمَا | مَعَهُمْ | نَبَذَ | فَرِيْقٌ | مِّنَ | الَّذِيْنَ |
| سے طرف | اللہ | تصدیق کرنے والا | اسکی جو | انکے پاس | پھینک دیا | ایک فریق | سے | جنہیں |

اللہ کی طرف سے، اس کی تصدیق کرنے والا جو ان کے پاس ہے، تو پھینک دیا ایک فریق نے

أُوتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتُوا الْكِتٰبَ | كِتٰبَ اللّٰهِ | وَرَآءَ | ظُهُوْرِهِمْ | كَاَنَّهُمْ | لَا يَعْلَمُوْنَ |
| کتاب دی گئی (اہل کتاب) | اللہ کی کتاب | پیچھے | اپنی پیٹھ | گویا کہ وہ | جانتے نہیں |

اہل کتاب کے، اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھ پیچھے، گویا کہ وہ جانتے ہی نہیں۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاتَّبَعُوْا | مَا | تَتْلُوا | الشَّيٰطِيْنُ | عَلٰى | مُلْكِ | سُلَيْمٰنَ | وَمَا كَفَرَ |
| اور انہوں نے پیروی کی | جو | پڑھتے تھے | شیطان | میں | بادشاہت | سلیمانؑ | اور کفر نہ کیا |

اور انہوں نے اس کی پیروی کی جو شیطان سلیمانؑ کی بادشاہت میں پڑھتے تھے۔ اور کفر نہیں کیا

سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سُلَيْمٰنُ | وَلٰكِنَّ | الشَّيٰطِيْنَ | كَفَرُوْا | يُعَلِّمُوْنَ | النَّاسَ | السِّحْرَ |
| سلیمانؑ | لیکن | شیطان (جمع) | کفر کیا | وہ سکھاتے | لوگ | جادو |

سلیمانؑ نے، لیکن شیطانوں نے کفر کیا، وہ لوگوں کو جادو سکھاتے،

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَآ اُنْزِلَ | عَلَى | الْمَلَكَيْنِ | بِبَابِلَ | هَارُوْتَ | وَمَارُوْتَ | وَمَا يُعَلِّمٰنِ |
| اور جو نازل کیا گیا | پر | دو فرشتے | بابل میں | ہاروت | اور ماروت | اور وہ نہ سکھاتے |

اور جو بابل میں ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر نازل کیا گیا، اور وہ نہ سکھاتے

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَحَدٍ | حَتّٰى | يَقُوْلَا | اِنَّمَا | نَحْنُ | فِتْنَةٌ | فَلَا تَكْفُرْ | فَيَتَعَلَّمُوْنَ |
| کسی کو | یہاں تک | وہ کہہ دیتے | صرف | ہم | آزمائش | پس تو کفر نہ کر | سو وہ سیکھتے |

کسی کو، یہاں تک کہ کہہ دیتے ہم تو صرف آزمائش ہیں پس تو کفر نہ کر، سو وہ سیکھتے

مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمَا | مَا يُفَرِّقُوْنَ | بِهٖ | بَيْنَ | الْمَرْءِ | وَزَوْجِهٖ | وَمَا هُمْ | بِضَآرِّيْنَ |
| ان دونوں سے | جس سے جدائی ڈالتے | اس سے | درمیان | خاوند | اور اس کی بیوی | اور وہ نہیں | نقصان پہنچانے والے |

ان دونوں سے وہ کچھ جس سے خاوند اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالتے، اور وہ نقصان پہنچانے والے نہیں

بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّھُمْ وَلَا يَنْفَعُھُمْ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | مِنْ اَحَدٍ | اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَيَتَعَلَّمُوْنَ | مَا يَضُرُّھُمْ | وَلَا | يَنْفَعُھُمْ |
| اس سے | کسی کو | مگر | حکم سے | اللہ | اور وہ سیکھتے ہیں | جو انہیں نقصان پہنچائے | اور نہ | انہیں نفع دے |

اس سے کسی کو، مگر اللہ کے حکم سے، اور وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نقصان پہنچائے اور انہیں نفع نہ دے

وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ڐ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | عَلِمُوْا | لَمَنِ | اشْتَرٰىهُ | مَا لَهٗ | فِي الْاٰخِرَةِ | مِنْ خَلَاقٍ | وَ |
| اور البتہ | وہ جان چکے | جس نے | یہ خریدا | نہیں اس کے لئے | آخرت میں | کوئی حصہ | اور |

اور البتہ وہ جان چکے ہیں جس نے یہ خریدا، اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور

لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَھُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝١٠٢ وَلَوْ اَنَّھُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَبِئْسَ | مَا شَرَوْا | بِهٖ | اَنْفُسَھُمْ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | وَلَوْ | اَنَّھُمْ |
| البتہ برا | جو انہوں نے بیچ دیا | اس سے | اپنے آپ کو | کاش | وہ جانتے ہوتے | | اور اگر | وہ |

البتہ برا ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنے آپ کو بیچ دیا۔ کاش وہ جانتے ہوتے۔ اور اگر وہ

اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝١٠٣ ع ۱۲ ع ۷ ۱۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | وَاتَّقَوْا | لَمَثُوْبَةٌ | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لَوْ | كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ |
| وہ ایمان لاتے | اور پرہیزگار بن جاتے | تو ٹھکانہ پاتے | سے | پاس | اللہ | بہتر | کاش | وہ جانتے ہوتے |

ایمان لے آتے اور پرہیز گار بن جاتے تو اللہ کے پاس اچھا بدلہ پاتے، کاش وہ جانتے ہوتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا تَقُوْلُوْا | رَاعِنَا | وَقُوْلُوا | انْظُرْنَا | وَاسْمَعُوْا |
| اے | وہ لوگ جو | ایمان لائے | نہ کہو | راعنا | اور کہو | انظرنا | اور سنو |

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو (مومنو)! رَاعِنَا نہ کہو اور اُنْظُرْنَا کہو اور سنو

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١٠٤ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | مَا يَوَدُّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | اَھْلِ الْكِتٰبِ |
| اور کافروں کے لئے | عذاب | دردناک | نہیں چاہتے | جن لوگوں نے | کفر کیا | سے | اہل کتاب |

اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ نہیں چاہتے

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | الْمُشْرِكِيْنَ | اَنْ | يُّنَزَّلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | خَيْرٍ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَاللّٰهُ |
| اور نہ | مشرک (جمع) | کہ | نازل کی جائے | تم پر | سے | بھلائی | سے | تمہارا رب | اور اللہ |

اور نہ مشرک کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی بھلائی نازل کی جائے اور اللہ

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَخْتَصُّ | بِرَحْمَتِهٖ | مَنْ يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ |
| خاص کر لیتا ہے | اپنی رحمت سے | جسے چاہتا ہے | اور اللہ | فضل والا | بڑا |

جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے خاص کر لیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا نَنْسَخْ | مِنْ اٰيَةٍ | اَوْ نُنْسِهَا | نَاْتِ | بِخَيْرٍ | مِّنْهَا | اَوْ مِثْلِهَا |
| جو ہم منسوخ کرتے ہیں | کوئی آیت | یا اسے بھلا دیتے ہیں | لے آتے ہیں | بہتر | اس سے | یا اس جیسا |

کوئی آیت جسے ہم منسوخ کرتے ہیں یا اسے ہم بھلا دیتے ہیں اس سے بہتر یا اس جیسی لے آتے ہیں

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَمْ | تَعْلَمْ | اَنَّ اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ شَیْءٍ | قَدِیْرٌ | اَلَمْ تَعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَهٗ |
| کیا نہیں | تو جانتا | کہ اللہ | پر | ہر شے | قادر | کیا تو نہیں جانتا | کہ | اللہ | اس کے لئے |

کیا تو نہیں جانتا؟ کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔ کیا تو نہیں جانتا؟ کہ اللہ کے لئے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَمَا | لَكُمْ | مِّنْ | دُوْنِ اللّٰهِ | مِنْ |
| بادشاہت | آسمانوں | اور زمین | اور نہیں | تمہارے لئے | سے | اللہ کے سوا | کوئی |

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت اور تمہارے لئے نہیں اللہ کے سوا کوئی

وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِیّ | وَلَا نَصِیْرٍ | اَمْ تُرِیْدُوْنَ | اَنْ | تَسْـَٔلُوْا | رَسُوْلَكُمْ | كَمَا | سُئِلَ |
| حامی | اور نہ مددگار | کیا تم چاہتے ہو | کہ | سوال کرو | اپنا رسول | جیسے | سوال کئے گئے |

حامی اور نہ مددگار۔ کیا تم چاہتے ہو؟ کہ اپنے رسول سے سوال کرو جیسے سوال کئے گئے

مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | مِنْ قَبْلُ | وَمَنْ | يَّتَبَدَّلِ | الْكُفْرَ | بِالْاِيْمَانِ | فَقَدْ ضَلَّ |
| موسےٰ | اس سے پہلے | اور جو | اختیار کرلے | کفر | ایمان کے بدلے | سو وہ بھٹک گیا |

اس سے پہلے موسےٰ سے ، اور جو ایمان کے بدلے کفر اختیار کرلے سو وہ بھٹک گیا

سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٠٨﴾ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَوَآءَ | السَّبِيْلِ | وَدَّ | كَثِيْرٌ | مِّنْ | اَهْلِ الْكِتٰبِ | لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ | مِّنْ |
| سیدھا | راستہ | چاہا | بہت | سے | اہل کتاب | کاش تمہیں لوٹادیں | سے |

سیدھے راستہ سے ۔ بہت سے اہل کتاب نے چاہا کہ وہ کاش تمہیں لوٹادیں

بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدِ | اِيْمَانِكُمْ | كُفَّارًا | حَسَدًا | مِّنْ عِنْدِ | اَنْفُسِهِمْ | مِّنْ بَعْدِ | مَا |
| بعد | تمہارے ایمان | کفر میں | حسد | وجہ سے | اپنے دل | بعد | جبکہ |

تمہارے ایمان کے بعد کفر میں، اپنے دل کے حسد کی وجہ سے، اس کے بعد جب کہ

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبَيَّنَ | لَهُمُ | الْحَقُّ | فَاعْفُوْا | وَاصْفَحُوْا | حَتّٰى | يَاْتِيَ | اللّٰهُ | بِاَمْرِهٖ |
| واضح ہوگیا | ان پر | حق | پس تم معاف کردو | اور درگزر کرو | یہاں تک | لائے | اللہ | اپنا حکم |

ان پر حق واضح ہوگیا، پس تم معاف کردو اور درگزر کرو، یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

النصف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | وَاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا |
| بیشک | اللہ | پر | ہر | چیز | قادر | اور تم قائم کرو | نماز | اور دیتے رہو |

بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔ اور نماز قائم کرو، اور دیتے رہو

الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الزَّكٰوةَ | وَمَا | تُقَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ | مِّنْ خَيْرٍ | تَجِدُوْهُ |
| زکوٰۃ | اور جو | آگے بھیجو گے | اپنے لئے | بھلائی | تم پالوگے اسے |

زکوٰۃ ، اور اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے تم اسے پالوگے

عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوۡا لَنۡ يَّدۡخُلَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنۡدَ اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ | بَصِيۡرٌ | وَقَالُوۡا | لَنۡ يَّدۡخُلَ |
| اللہ کے پاس | بیشک | اللہ | جو کچھ تم کرتے ہو | دیکھنے والا | اور انہوں نے کہا | ہرگز داخل نہ ہوگا |

اللہ کے پاس، بیشک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے اور انہوں نے کہا ہرگز داخل نہ ہوگا

الۡجَـنَّةَ اِلَّا مَنۡ كَانَ هُوۡدًا اَوۡ نَصٰرٰى ؕ تِلۡكَ اَمَانِيُّهُمۡ ؕ قُلۡ هَاتُوۡا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡجَـنَّةَ | اِلَّا | مَنۡ | كَانَ | هُوۡدًا | اَوۡ | نَصٰرٰى | تِلۡكَ | اَمَانِيُّهُمۡ | قُلۡ | هَاتُوۡا |
| جنت | سوائے | جو | ہو | یہودی | یا | نصرانی | یہ | جھوٹی آرزوئیں | کہہ دیجئے | تم لاؤ |

جنت میں، سوائے اس کے جو یہودی ہو یا نصرانی، یہ ان کی جھوٹی آرزوئیں ہیں، کہہ دیجئے تم لاؤ

بُرۡهَانَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنۡ اَسۡلَمَ وَجۡهَهٗ لِلّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُرۡهَانَكُمۡ | اِنۡ كُنۡتُمۡ | صٰدِقِيۡنَ | بَلٰى | مَنۡ | اَسۡلَمَ | وَجۡهَهٗ | لِلّٰهِ |
| اپنی دلیل | اگر تم ہو | سچے | کیوں نہیں | جس | جھکا دیا | اپنا چہرہ | اللہ کے لئے |

اپنی دلیل، اگر تم سچے ہو۔ کیوں نہیں؟ جس نے اپنا چہرہ اللہ کے لئے جھکا دیا،

وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَلَهٗۤ اَجۡرُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ۖ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | مُحۡسِنٌ | فَلَهٗ | اَجۡرُهٗ | عِنۡدَ | رَبِّهٖ | وَلَا | خَوۡفٌ | عَلَيۡهِمۡ | وَ |
| اور وہ | نیکوکار | تو اسکے لئے | اس کا اجر | پاس | اس کا رب | اور نہ | کوئی خوف | ان پر | اور |

اور وہ نیکوکار ہو تو اس کے لئے اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں اور

١٣ ع٩ ١٣ لَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۱۱۲﴾ وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ لَيۡسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَىۡءٍ ۖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا هُمۡ | يَحۡزَنُوۡنَ | وَقَالَتِ | الۡيَهُوۡدُ | لَيۡسَتِ | النَّصٰرٰى | عَلٰى | شَىۡءٍ |
| نہ وہ | غمگین ہوں گے | اور کہا | یہود | نہیں | نصاریٰ | پر | کسی چیز |

نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور یہود نے کہا نصاریٰ کسی چیز پر نہیں،

وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيۡسَتِ الۡيَهُوۡدُ عَلٰى شَىۡءٍ ۙ وَّهُمۡ يَتۡلُوۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقَالَتِ | النَّصٰرٰى | لَيۡسَتِ | الۡيَهُوۡدُ | عَلٰى شَىۡءٍ | وَهُمۡ | يَتۡلُوۡنَ |
| اور کہا | نصاریٰ | نہیں | یہود | کسی چیز پر | حالانکہ وہ | پڑھتے ہیں |

اور نصاریٰ نے کہا یہودی کسی چیز پر نہیں حالانکہ وہ پڑھتے ہیں

الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | كَذٰلِكَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | مِثْلَ | قَوْلِهِمْ |
| کتاب | اسی طرح | کہا | جو لوگ | علم نہیں رکھتے | جیسی | ان کی بات |

کتاب-اسی طرح اِن لوگوں نے اُن جیسی بات کہی جو علم نہیں رکھتے،

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاللّٰهُ | يَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | فِيْمَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ |
| سو اللہ | فیصلہ کریگا | انکے درمیان | قیامت کے دن | جس میں | وہ تھے | اس میں | اختلاف کرتے |

سو اللہ ان کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کرے گا جس (بات) میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | مَّنَعَ | مَسٰجِدَ اللّٰهِ | اَنْ | يُّذْكَرَ | فِيْهَا | اسْمُهٗ |
| اور کون | بڑا ظالم | سے-جو | روکا | اللہ کی مسجدیں | کہ | ذکر کیا جائے | اس میں | اس کا نام |

اور اس سے بڑا ظالم کون ؟ جس نے اللہ کی مسجدوں سے روکا کہ ان میں اللہ کا نام لیا جائے،

وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَسَعٰى | فِىْ | خَرَابِهَا | اُولٰٓئِكَ | مَا كَانَ | لَهُمْ | اَنْ | يَّدْخُلُوْهَآ | اِلَّا |
| اور کوشش کی | میں | اس کی ویرانی | یہ لوگ | نہ تھا | ان کے لئے | کہ | وہاں داخل ہوتے | مگر |

اور اس کی ویرانی کی کوشش کی، ان لوگوں کے لئے (حق) نہ تھا کہ وہاں داخل ہوتے، مگر

خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَآئِفِيْنَ | لَهُمْ | فِى الدُّنْيَا | خِزْىٌ | وَّلَهُمْ | فِى الْاٰخِرَةِ | عَذَابٌ | عَظِيْمٌ |
| ڈرتے ہوئے | ان کے لئے | دنیا میں | رسوائی | اور ان کے لئے | آخرت میں | عذاب | بڑا |

ڈرتے ہوئے، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہے۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِلّٰهِ | الْمَشْرِقُ | وَالْمَغْرِبُ | فَاَيْنَمَا | تُوَلُّوْا | فَثَمَّ | وَجْهُ اللّٰهِ | اِنَّ |
| اور اللہ کے لئے | مشرق | اور مغرب | سو جس طرف | تم منہ کرو | تو اس طرف | اللہ کا سامنا | بیشک |

اور اللہ کے لئے ہے مشرق اور مغرب، سو جس طرف تم منہ کرو اسی طرف اللہ کا سامنا ہے، بیشک

اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ

| اللّٰهَ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | وَقَالُوا | اتَّخَذَ | اللّٰهُ | وَلَدًا | سُبْحٰنَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | وسعت والا | جاننے والا | اور انہوں نے کہا | بنا لیا | اللہ | بیٹا | وہ پاک ہے |

اللہ وسعت والا، جاننے والا ہے۔ اور انہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنالیا ہے، وہ پاک ہے،

بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ بَدِيْعُ

| بَلْ لَّهٗ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | كُلٌّ | لَّهٗ | قٰنِتُوْنَ | بَدِيْعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلکہ اس کے لئے | جو | آسمانوں میں | اور زمین | سب | اسکے لئے | زیرِ فرمان | پیدا کرنے والا |

بلکہ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے، سب اسی کے زیر فرمان ہیں۔ وہ پیدا کرنے والا ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ

| السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَاِذَا | قَضٰٓى | اَمْرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوْلُ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں | اور زمین | اور جب | وہ فیصلہ کرتا ہے | کوئی کام | تو یہی | کہتا ہے | اسے |

آسمانوں کا اور زمین کا، اور جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اسے یہی کہتا ہے

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ

| كُنْ | فَيَكُوْنُ | وَقَالَ | الَّذِيْنَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | لَوْلَا | يُكَلِّمُنَا | اللّٰهُ | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| "ہو جا" | تو وہ ہو جاتا ہے | اور کہا | جو لوگ | علم نہیں رکھتے | کیوں نہیں | ہم سے کلام کرتا ہے | اللہ | یا |

"ہو جا" تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور جو لوگ علم نہیں رکھتے، انہوں نے کہا اللہ ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا؟ یا

تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ

| تَاْتِيْنَا | اٰيَةٌ | كَذٰلِكَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِّثْلَ | قَوْلِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے پاس آتی | کوئی نشانی | اسی طرح | کہا | جو لوگ | ان سے پہلے | جیسی | ان کی بات |

ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے ان جیسی بات کہی

تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

| تَشَابَهَتْ | قُلُوْبُهُمْ | قَدْ بَيَّنَّا | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يُّوْقِنُوْنَ | اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک جیسے ہو گئے | ان کے دل | ہم نے واضح کر دیں | نشانیاں | لوگوں کیلئے | یقین رکھتے ہیں | بیشک ہم | آپ کو بھیجا |

ان کے دل ایک جیسے ہو گئے۔ ہم نے یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں واضح کر دی ہیں۔ بیشک ہم نے آپ کو بھیجا

بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ | بَشِيْرًا | وَّنَذِيْرًا | وَلَا تُسْـَٔلُ | عَنْ | اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ |
| حق کے ساتھ | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور نہ آپ سے پوچھا جائے گا | سے | دوزخ والے |

حق کے ساتھ، خوشخبری دینے والا، ڈرانے والا، اور آپ سے نہ پوچھا جائے گا دوزخ والوں کے بارے میں۔

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَنْ تَرْضٰى | عَنْكَ | الْيَهُوْدُ | وَلَا | النَّصٰرٰى | حَتّٰى | تَتَّبِعَ | مِلَّتَهُمْ |
| اور ہرگز راضی نہ ہوں گے | آپ سے | یہودی | اور نہ | نصاریٰ | جب تک | آپ پیروی نہ کریں | ان کا دین |

اور آپ سے ہرگز راضی نہ ہوں گے یہودی اور نہ نصاریٰ، جب تک آپ اُن کے دین کی پیروی نہ کریں،

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّ | هُدَى | اللّٰهِ | هُوَ | الْهُدٰى | وَلَئِنِ | اتَّبَعْتَ | اَهْوَآءَهُمْ |
| کہدیں | بیشک | ہدایت | اللہ | وہی | ہدایت | اور اگر | آپ نے پیروی کی | اُن کی خواہشات |

کہدیں ! بیشک اللہ کی ہدایت وہی ہدایت ہے، اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی

بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | الَّذِيْ | جَآءَكَ | مِنَ | الْعِلْمِ | مَا لَكَ | مِنَ اللّٰهِ | مِنْ | وَّلِيٍّ |
| بعد | وہ جو کہ (جبکہ) | آپ کے پاس آگیا | سے | علم | نہیں آپ کیلئے | اللہ سے | کوئی | حمایت کرنیوالا |

اس کے بعد جب کہ آپ کے پاس علم آگیا، آپ کے لئے اللہ سے کوئی حمایت کرنے والا نہیں،

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | نَصِيْرٍ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | يَتْلُوْنَهٗ | حَقَّ | تِلَاوَتِهٖ |
| اور نہ | مددگار | جنہیں | ہم نے دی | کتاب | اسکی تلاوت کرتے ہیں | حق | اس کی تلاوت |

اور نہ مددگار ۔ ہم نے جنہیں کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسے تلاوت کا حق ہے،

۱۴ ع۹ ۱۴

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ | وَمَنْ | يَّكْفُرْ بِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ |
| وہی لوگ | ایمان رکھتے ہیں اس پر | اور جو | انکار کریں اس کا | وہی | وہ | خسارہ پانے والے |

وہی اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور جو اس کا انکار کریں وہی خسارہ پانے والے ہیں۔

وقف منزل

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتِيَ | الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَاَنِّىْ |
| اے بنی اسرائیل | تم یاد کرو | میری نعمت | جو کہ | میں نے انعام کی | تم پر | اور یہ کہ میں نے |

اے بنی اسرائیل ! میری نعمت یاد کرو جو میں نے تم پر کی اور یہ کہ میں نے

فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضَّلْتُكُمْ | عَلَى | الْعٰلَمِيْنَ | وَاتَّقُوْا | يَوْمًا | لَّا تَجْزِيْ | نَفْسٌ |
| تمہیں فضیلت دی | پر | زمانے والے | اور ڈرو | وہ دن | بدلہ نہ ہوگا | کوئی شخص |

تمہیں زمانہ والوں پر فضیلت دی۔ اور اس دن سے ڈرو (جس دن) کوئی شخص بدلہ نہ ہو سکے گا

عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ نَّفْسٍ | شَيْـًٔا | وَّلَا يُقْبَلُ | مِنْهَا | عَدْلٌ | وَّلَا | تَنْفَعُهَا | شَفَاعَةٌ |
| کسی شخص سے | کچھ | اور نہ قبول کیا جائے گا | اس سے | کوئی معاوضہ | اور نہ | اسے نفع دے گی | کوئی سفارش |

کسی شخص کا کچھ بھی، اور نہ اس سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا، اور نہ اسے کوئی سفارش نفع دے گی ،

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | هُمْ | يُنْصَرُوْنَ | وَاِذِ | ابْتَلٰٓى | اِبْرٰهٖمَ | رَبُّهٗ | بِكَلِمٰتٍ | فَاَتَمَّهُنَّ |
| اور نہ | ان | مدد کی جائے گی | اور جب | آزمایا | ابراہیمؑ | ان کا رب | چند باتوں سے | تو وہ پوری کردیں |

اور نہ ان کی مدد کی جائے گی ۔ اور جب ابراہیمؑ کو ان کے رب نے چند باتوں سے آزمایا تو انہوں نے وہ پوری کردیں ،

قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۭ قَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | اِنِّىْ | جَاعِلُكَ | لِلنَّاسِ | اِمَامًا | قَالَ | وَمِنْ | ذُرِّيَّتِىْ | قَالَ |
| اس نے فرمایا | بیشک میں | تمہیں بنانے والا ہوں | لوگوں کا | امام | اس نے کہا | اور سے | میری اولاد | اس نے فرمایا |

اس نے فرمایا بیشک میں تمہیں لوگوں کا امام بنانے والا ہوں، اس نے کہا اور میری اولاد کو (بھی) ؟ اس نے فرمایا

لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَنَالُ | عَهْدِي | الظّٰلِمِيْنَ | وَاِذْ | جَعَلْنَا | الْبَيْتَ | مَثَابَةً | لِّلنَّاسِ |
| نہیں پہنچتا | میرا عہد | ظالم (جمع) | اور جب | بنایا ہم نے | خانہ کعبہ | اجتماع کی جگہ | لوگوں کے لئے |

میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا ۔ اور جب ہم نے خانہ کعبہ کو بنایا لوگوں کے لئے (بار بار) لوٹنے (اجتماع) کی جگہ

وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰھٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاَمْنًا | وَاتَّخِذُوْا | مِنْ | مَقَامِ اِبْرٰھٖمَ | مُصَلًّى | وَعَهِدْنَا |
| اور امن کی جگہ | اور تم بناؤ | سے | "مقام ابراہیمؑ" | نماز کی جگہ | اور ہم نے حکم دیا |

اور امن کی جگہ' اور "مقام ابراہیم" کو نماز کی جگہ بناؤ' اور ہم نے حکم دیا

اِلٰٓى اِبْرٰھٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اِبْرٰھٖمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | اَنْ | طَهِّرَا | بَيْتِىَ | لِلطَّآىِٕفِيْنَ | وَالْعٰكِفِيْنَ |
| ابراہیم کو | اور اسمٰعیل کو | کہ وہ | پاک رکھیں | میرا گھر | طواف کرنے والوں کے لئے | اور اعتکاف کرنیوالے |

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو کہ وہ میرا گھر پاک رکھیں طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں کے لئے'

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالرُّكَّعِ | السُّجُوْدِ | وَاِذْ | قَالَ | اِبْرٰھٖمُ | رَبِّ | اجْعَلْ | هٰذَا بَلَدًا |
| اور رکوع کرنیوالے | سجدہ کرنے والے | اور جب | کہا | ابراہیمؑ | اے میرے رب | بنا | یہ شہر |

اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا اے میرے رب! اس شہر کو بنا

اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمِنًا | وَّارْزُقْ | اَهْلَهٗ | مِنَ | الثَّمَرٰتِ | مَنْ | اٰمَنَ | مِنْهُمْ | بِاللّٰهِ | وَ |
| امن والا | اور روزی دے | اسکے رہنے والے | سے | پھل (جمع) | جو | ایمان لائے | ان سے | اللہ پر | اور |

امن والا، اور اس کے رہنے والوں کو پھلوں کی روزی دے جو ان میں سے ایمان لائے اللہ پر اور

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | قَالَ | وَمَنْ | كَفَرَ | فَاُمَتِّعُهٗ | قَلِيْلًا | ثُمَّ | اَضْطَرُّهٗٓ |
| آخرت کا دن | اس نے فرمایا | اور جو | اس نے کفر کیا | اسے نفع دوں گا | تھوڑا | پھر | مجبور کرونگا اس کو |

آخرت کے دن پر' اس نے فرمایا جس نے کفر کیا اس کو تھوڑا سا نفع دوں گا پھر اس کو مجبور کروں گا

اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰھٖمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | عَذَابِ النَّارِ | وَبِئْسَ | الْمَصِيْرُ | وَاِذْ | يَرْفَعُ | اِبْرٰھٖمُ |
| طرف | دوزخ کا عذاب | اور بری | لوٹنے کی جگہ | اور جب | اٹھاتے تھے | ابراہیمؑ |

دوزخ کے عذاب کی طرف' اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے۔ اور جب اٹھاتے تھے ابراہیمؑ

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ إِسْمٰعِيلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ إِنَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوَاعِدَ | مِنَ | الْبَيْتِ | وَ | إِسْمٰعِيلُ | رَبَّنَا | تَقَبَّلْ | مِنَّا | إِنَّكَ |
| بنیادیں | سے | خانہ کعبہ | اور | اسمٰعیلؑ | اے ہمارے رب | قبول فرما لے | ہم سے | بیشک تو |

اور اسمٰعیلؑ خانہ کعبہ کی بنیادیں (یہ دُعا کرتے تھے) اے ہمارے پروردگار! ہم سے قبول فرما لے، بیشک تو

أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَنْتَ | السَّمِيعُ | الْعَلِيمُ | رَبَّنَا | وَاجْعَلْنَا | مُسْلِمَيْنِ | لَكَ | وَ |
| تو | سُننے والا | جاننے والا | اے ہمارے رب | اور ہمیں بنا لے | فرماں بردار | اپنا | اور |

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب! اور ہمیں اپنا فرمانبردار بنا لے اور

مِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | ذُرِّيَّتِنَا | أُمَّةً | مُسْلِمَةً | لَكَ | وَأَرِنَا | مَنَاسِكَنَا | وَتُبْ عَلَيْنَا |
| سے | ہماری اولاد | اُمت | فرمانبردار | اپنی | اور ہمیں دکھا | حج کے طریقے | اور ہماری توبہ قبول فرما |

ہماری اولاد میں سے ایک اپنی فرمانبردار اُمت بنا اور ہمیں حج کے طریقے دکھا، اور ہماری توبہ قبول فرما،

إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّكَ | أَنْتَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيمُ | رَبَّنَا | وَابْعَثْ | فِيهِمْ | رَسُولًا |
| بیشک | تو | توبہ قبول کرنیوالا | رحم کرنے والا | اے ہمارے رب | اور بھیج | ان میں | ایک رسول |

بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے ہمارے رب! اور ان میں ایک رسول بھیج

مِنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | يَتْلُوا | عَلَيْهِمْ | آيَاتِكَ | وَيُعَلِّمُهُمُ | الْكِتَابَ | وَالْحِكْمَةَ |
| ان سے | وہ پڑھے | ان پر | تیری آیتیں | اور انہیں تعلیم دے | "کتاب" | اور حکمت (دانائی) |

۱۵ ان میں سے، وہ ان پر تیری آیتیں پڑھے اور انہیں "کتاب" اور "حکمت" (دانائی) کی تعلیم دے،

ع ۸ وَيُزَكِّيهِمْ ؕ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۲۹﴾ ع وَمَنْ يَرْغَبُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيُزَكِّيهِمْ | إِنَّكَ | أَنْتَ | الْعَزِيزُ | الْحَكِيمُ | وَمَنْ | يَرْغَبُ |
| اور انہیں پاک کرے | بیشک | تو | غالب | حکمت والا | اور کون | منہ موڑے |

۱۵

اور انہیں پاک کرے، بیشک تو ہی غالب، حکمت والا ہے۔ اور کون ہے جو منہ موڑے؟

عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ

| عَنْ | مِلَّةِ | اِبْرٰهٖمَ | اِلَّا | مَنْ | سَفِهَ | نَفْسَهٗ | وَلَقَدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | دین | ابراہیمؑ | سوائے | جس نے | بیوقوف بنایا | اپنے آپ | اور بیشک |

ابراہیمؑ کے دین سے؟ سوائے اس کے جس نے اپنے آپ کو بے وقوف بنایا، اور بیشک

اصْطَفَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿١٣٠﴾

| اصْطَفَیْنٰهُ | فِی الدُّنْیَا | وَاِنَّهٗ | فِی الْاٰخِرَةِ | لَمِنَ | الصّٰلِحِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے اسے چُن لیا | دنیا میں | اور بیشک وہ | آخرت میں | سے | نیکوکار (جمع) |

ہم نے اسے دنیا میں چُن لیا - اور بیشک وہ آخرت میں نیکوکاروں میں سے ہے۔

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿١٣١﴾

| اِذْ قَالَ | لَهٗ | رَبُّهٗ | اَسْلِمْ | قَالَ | اَسْلَمْتُ | لِرَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب کہا | اس کو | اس کا رب | سر جھکا دے | اس نے کہا | میں نے سر جھکا دیا | رب کے لئے | تمام جہان |

جب اس کو اس کے رب نے کہا تو سر جھکا دے، اس نے کہا میں نے تمام جہانوں کے رب کے لئے سر جھکا دیا۔

وَوَصّٰی بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وَیَعْقُوْبُ ؕ یٰبَنِیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی

| وَوَصّٰی | بِهَا | اِبْرٰهٖمُ | بَنِیْهِ | وَیَعْقُوْبُ | یٰبَنِیَّ | اِنَّ اللّٰهَ | اصْطَفٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وصیّت کی | اس کی | ابراہیمؑ | اپنے بیٹے | اور یعقوبؑ | میرے بیٹو | بیشک اللہ | چُن لیا |

اور ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوبؑ نے (بھی) اسی کی وصیّت کی، اے میرے بیٹو! اللہ نے بیشک چُن لیا ہے

لَکُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمْ کُنْتُمْ

| لَکُمُ | الدِّیْنَ | فَلَا تَمُوْتُنَّ | اِلَّا | وَاَنْتُمْ | مُسْلِمُوْنَ | اَمْ کُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لئے | دین | پس تم ہرگز نہ مرنا | مگر | اور تم | مسلمان (جمع) | کیا تم تھے |

تمہارے لئے دین، پس تم ہرگز نہ مرنا، مگر مسلمان۔ کیا تم تھے

شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ

| شُهَدَآءَ | اِذْ | حَضَرَ | یَعْقُوْبَ | الْمَوْتُ | اِذْ قَالَ | لِبَنِیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| موجود | جب | آئی | یعقوبؑ | موت | جب اس نے کہا | اپنے بیٹوں کو |

موجود؟ جب یعقوبؑ کو موت آئی، جب اس نے اپنے بیٹوں کو کہا

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا تَعْبُدُوْنَ | مِنْۢ بَعْدِيْ | قَالُوْا | نَعْبُدُ | اِلٰهَكَ | وَاِلٰهَ | اٰبَآئِكَ |
| کس کی تم عبادت کروگے ؟ | میرے بعد | انہوں نے کہا | ہم عبادت کریں گے | تیرا معبود | اور معبود | تیرے باپ دادا |

میرے بعد تم کس کی عبادت کروگے؟ انہوں نے کہا ہم عبادت کریں گے تیرے معبود کی ، اور تیرے باپ دادا

اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهٖمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | وَاِسْحٰقَ | اِلٰهًا | وَّاحِدًا | وَّنَحْنُ | لَهٗ |
| ابراہیمؑ | اور اسمٰعیلؑ | اور اسحٰقؑ | معبود | واحد | اور ہم | اسی کے |

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ کے معبودِ واحد کی ، اور ہم اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْلِمُوْنَ | تِلْكَ | اُمَّةٌ | قَدْ خَلَتْ | لَهَا | مَا كَسَبَتْ | وَلَكُمْ |
| فرمانبردار | یہ | ایک امت | گزر گئی | اس کے لئے | جو اس نے کمایا | اور تمہارے لئے |

فرمانبردار ہیں ۔ یہ ایک امت تھی جو گزر گئی ، اس کے لئے جو اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے

مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوْا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَا كَسَبْتُمْ | وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ | عَمَّا | كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ | وَقَالُوْا |
| جو تم نے کمایا | اور تم سے نہ پوچھا جائے گا | اسکے بارہ میں | جو وہ کرتے تھے | اور انہوں نے کہا |

جو تم نے کمایا ، اور تم سے اس کے بارہ میں نہ پوچھا جائے گا جو وہ کرتے تھے ۔ اور انہوں نے کہا

كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُوْنُوْا | هُوْدًا | اَوْ | نَصٰرٰى | تَهْتَدُوْا | قُلْ | بَلْ مِلَّةَ | اِبْرٰهٖمَ | حَنِيْفًا |
| ہو جاؤ | یہودی | یا | نصرانی | تم ہدایت پالوگے | کہدیجئے | بلکہ دین | ابراہیمؑ | ایک اللہ کے ہوجانیوالے |

تم یہودی یا نصرانی ہو جاؤ ہدایت پالوگے ، کہدیجئے بلکہ (ہم پیروی کرتے ہیں) ایک اللہ کے ہو جانے والے ابراہیمؑ کے دین کی

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا كَانَ | مِنَ | الْمُشْرِكِيْنَ | قُوْلُوْٓا | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْنَا |
| اور نہ تھے | سے | مشرکین | کہدو | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور جو | نازل کیا گیا | ہماری طرف |

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے ۔ کہدو ، ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل کیا گیا

وَمَآ اُنۡزِلَ اِلٰٓى اِبۡرٰهٖمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | اُنۡزِلَ | اِلٰٓى | اِبۡرٰهٖمَ | وَاِسۡمٰعِيۡلَ | وَاِسۡحٰقَ | وَيَعۡقُوۡبَ |
| اور جو | نازل کیا گیا | طرف | ابراہیمؑ | اور اسمٰعیلؑ | اور اسحٰقؑ | اور یعقوبؑ |

اور جو نازل کیا گیا ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ

وَالۡاَسۡبَاطِ وَمَآ اُوۡتِىَ مُوۡسٰى وَعِيۡسٰى وَمَآ اُوۡتِىَ النَّبِيُّوۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالۡاَسۡبَاطِ | وَمَا | اُوۡتِىَ | مُوۡسٰى | وَعِيۡسٰى | وَمَا | اُوۡتِىَ | النَّبِيُّوۡنَ |
| اور اولادِ یعقوبؑ | اور جو | دیا گیا | موسیٰؑ | اور عیسیٰؑ | اور جو | دیا گیا | نبیوں |

اور اولادِ یعقوبؑ کی طرف، اور جو دیا گیا موسیٰؑ، اور عیسےٰؑ کو اور جو دیا گیا نبیوں کو ،

مِنۡ رَّبِّهِمۡ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡهُمۡ ۖ وَنَحۡنُ لَهٗ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ رَّبِّهِمۡ | لَا نُفَرِّقُ | بَيۡنَ | اَحَدٍ | مِّنۡهُمۡ | وَنَحۡنُ | لَهٗ |
| ان کے رب سے | ہم فرق نہیں کرتے | درمیان | کسی ایک | ان سے | اور ہم | اسی کے |

ان کے رب کی طرف سے، ہم ان میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے، اور ہم اسی کے

مُسۡلِمُوۡنَ ﴿١٣٦﴾ فَاِنۡ اٰمَنُوۡا بِمِثۡلِ مَآ اٰمَنۡتُمۡ بِهٖ فَقَدِ اهۡتَدَوۡا ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسۡلِمُوۡنَ | فَاِنۡ | اٰمَنُوۡا | بِمِثۡلِ | مَآ اٰمَنۡتُمۡ | بِهٖ | فَقَدِ اهۡتَدَوۡا |
| فرمانبردار | پس اگر | وہ ایمان لائیں | جیسے | تم ایمان لائے | اس پر | تو وہ ہدایت پا گئے |

فرمانبردار ہیں۔ پس اگر وہ ایمان لے آئیں جیسے تم اس پر ایمان لائے ہو، تو وہ ہدایت پا گئے ،

وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا هُمۡ فِىۡ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | تَوَلَّوۡا | فَاِنَّمَا | هُمۡ | فِىۡ | شِقَاقٍ | فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ | اللّٰهُ |
| اور اگر | انہوں نے منہ پھیرا | تو بیشک یہی | وہ | میں | ضد | پس عنقریب آپ کیلئے انکے مقابلہ میں کافی ہوگا | اللہ |

اور اگر انہوں نے منہ پھیرا تو بیشک وہی ضد میں ہیں، پس عنقریب ان کے مقابلہ میں آپ کیلئے اللہ کافی ہوگا ،

وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿١٣٧﴾ صِبۡغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنۡ اَحۡسَنُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | السَّمِيۡعُ | الۡعَلِيۡمُ | صِبۡغَةَ اللّٰهِ | وَمَنۡ | اَحۡسَنُ |
| اور وہ | سننے والا | جاننے والا | رنگ اللہ کا | اور کس | اچھا |

اور وہ سُننے والا، جاننے والا ہے۔ (ہم نے لیا) رنگ اللہ کا اور کس کا اچھا ہے

مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا

| مِن | اللّٰهِ | صِبْغَةً | وَنَحْنُ | لَهٗ | عٰبِدُوْنَ | قُلْ | اَتُحَآجُّوْنَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | اللہ | رنگ | اور ہم | اسی کی | عبادت کرنیوالے | کہدیجئے | کیا تم ہم سے جھگڑا کرتے ہو؟ |

رنگ اللہ سے ؟ اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں ۔ کہہ دیجئے ، کیا تم ہم سے جھگڑا کرتے ہو ؟

فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

| فِی اللّٰهِ | وَهُوَ | رَبُّنَا | وَرَبُّكُمْ | وَلَنَا | اَعْمَالُنَا | وَلَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے بارہ میں | حالانکہ وہی | ہمارا رب | اور تمہارا رب | اور ہمارے لئے | ہمارے عمل | اور تمہارے لئے |

اللہ کے بارہ میں، حالانکہ وہی ہے ہمارا رب اور تمہارا رب، اور ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے

اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ

| اَعْمَالُكُمْ | وَنَحْنُ | لَهٗ | مُخْلِصُوْنَ | اَمْ | تَقُوْلُوْنَ | اِنَّ | اِبْرٰهٖمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے عمل | اور ہم | اسی کے | خالص | کیا | تم کہتے ہو | کہ | ابراہیمؑ |

تمہارے عمل ، اور ہم خالص اسی کے ہیں ، کیا تم کہتے ہو ؟ کہ ابراہیمؑ

وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا

| وَاِسْمٰعِیْلَ | وَاِسْحٰقَ | وَیَعْقُوْبَ | وَالْاَسْبَاطَ | كَانُوْا | هُوْدًا |
|---|---|---|---|---|---|
| اور اسمٰعیلؑ | اور اسحٰقؑ | اور یعقوبؑ | اور اولادِ یعقوبؑ | تھے | یہودی |

اور اسمٰعیلؑ، اور اسحٰقؑ، اور یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ یہودی تھے

اَوْ نَصٰرٰی ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ

| اَوْ نَصٰرٰی | قُلْ | ءَاَنْتُمْ | اَعْلَمُ | اَمِ اللّٰهُ | وَمَنْ | اَظْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یا نصرانی | کہدیجئے | کیا تم | زیادہ جاننے والے | یا اللہ | اور کون | بڑا ظالم |

یا نصرانی ۔ کہہ دیجئے کیا تم زیادہ جاننے والے ہو یا اللہ؟ اور کون ہے بڑا ظالم

مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

| مِمَّنْ | كَتَمَ | شَهَادَةً | عِنْدَهٗ | مِنَ اللّٰهِ | وَمَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے جس | چھپائی | گواہی | اس کے پاس | اللہ سے | اور نہیں | اللہ | بے خبر |

اس سے جس نے وہ گواہی چھپائی جو اللہ کی طرف سے اس کے پاس تھی، اور اللہ بے خبر نہیں

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا

| عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ | تِلْكَ | اُمَّةٌ | قَدْ خَلَتْ | لَهَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | تم کرتے ہو | یہ | ایک امت | گزر چکی | اسکے لئے | جو |

اس سے جو تم کرتے ہو۔ یہ ایک اُمّت تھی جو گزر چکی، اُس کے لئے ہے جو

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا

| كَسَبَتْ | وَلَكُمْ | مَا كَسَبْتُمْ | وَلَا تُسْئَلُوْنَ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|
| اس نے کمایا | اور تمہارے لئے | جو تم نے کمایا | اور تم سے نہ پوچھا جائے گا | اس سے جو |

اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے۔ جو تم نے کمایا اور تم سے اس کے بارہ میں نہ پوچھا جائیگا جو ۱۶

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع ۱۲

| كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ |
|---|
| وہ کرتے تھے |

۱۶

وہ کرتے تھے